پیسہ اخبار

خریدار چاہیں تو ... اگر وہ خریداری ترک کرنا چاہے تو اگر وہ
ہمیں اجازت دیتا ہے حسب معمول سابقہ کتب انعامی کی وی پی بغرض وصولی
پیشگی قیمت پیسہ اخبار کی اجازت کی اسکی خدمت میں روانہ ہو
خریداری ملتوی جانی ہو گی کارخانہ کو ایسے خریدار کی طرف سے
بھیجنے کی بوجہ قانون اجازت حاصل ہے۔ لیکن جو خریدار صاحبان اپنے
طرف سے خود ہی پیشگی قیمت بھیجا کرتے ہیں وہ اس قاعدے سے
مستثنے ہونگے۔ (پیسہ اخبار لاہور)

مینیجر کا ضروری نوٹس

ناظرین پیسہ اخبار کی تعداد بفضل خدا اس قدر بڑھ رہی ہے
کہ ہر ایک صاحب کے نام رجسٹر خریداران میں تلاش کرنے
کے لیے بڑی دقت اور محنت صرف کرنی پڑتی ہے۔ اس لئے
ہر ایک صاحب اپنی ہر قسم کی خط و کتابت میں اپنا رجسٹر نمبر
وہ جو ان کے اخبار کی چٹ پر ہمیشہ چھپا ہوا ہوتا ہے ضرور
درج فرمایا کریں۔ کہ اگر خط پر نویسندہ کا نام نہ ہو تو کچھ
حرج نہیں۔ مگر رجسٹر نمبر ضرور ہو۔
مینیجر پیسہ اخبار لاہور

نمبر ۵ | یوم شنبہ ۳ فروری ۱۹۰۶ء مطابق ۸ ذوالحجہ ۱۳۲۳ھ موافق ۲۲ ماگھ سمت ۱۹۶۱ | جلد ۲۰

واقعیت نامہ کے لئیے شمار اور اعداد

فوج ہند:- ایسٹ انڈیا کمپنی نے تین لاکھ دیسی فوج رکھی تھی جو اب کراؤن کے پاس کل (۱۳۳) بٹالین اور (۱۴۰) سکواڈرن ہیں۔ یعنی ہر قسم کے (۱۳۸۰۰۰) سپاہی جس میں پیدل اور سوار ہر دو دیسی لوکل فورس بھی شامل ہے۔ اسکو علاوہ (۲۳۰۰۰) دیسی ریاستوں کی امپیریل سروس فوج ہے۔ گویا تیس کروڑ رعایا کے لیے (۲۲۵۰۰۰) سپاہی جس میں ۷۵ ہزار گورہ اور ڈیڑھ لاکھ دیسی فوج ہے۔ ہر ہندوستانی کو سالانہ ۹ روپیہ فوجی اخراجات کے لیے ادا کرنا پڑتا ہے اور ہر پندرہ ہزار ہندوستانیوں کے لیے ایک گورہ سپاہی ہندوستان میں لطف کی زندگی بسر کرتا ہے۔

کل فوج:- ہندوستان کی کل فوج زمانہ امن کے لیئو (۲۷۰۰۰۰) سپاہی (۴۰۱) توپیں اور ۳۶ ہزار جنگی گھوڑی ہیں۔ بالعبتہ جنگ کے وقت (۳۰۲۰۰۰) سپاہی میدان جنگ میں کام آسکتے ہیں۔ مدراس امن کے وقت ۱۰ لاکھ سپاہ (۶۴۴ ۲) توپیں اور ایک لاکھ ستاون ہزار گھوڑے رکھتا ہے اور جنگ کے وقت (۳۷۷۵۰۰۰) فوج ہزار ۴۹۰۴ توپیں اور (۱۰۰۷۰۰۰) گھوڑے میدان میں لا سکتا ہے۔

طاعون سرما میں:- تمام ہندوستان میں موسم سرما میں طاعون کس قدر بڑھ جاتا ہے۔ ہفتہ مختتمہ ۱۳ جنوری کی میں اسطاموات مندرج ذیل ہے۔

۱۹۰۲ء	۳۲۱۵	۱۹۰۴ء	۲۳۲۰۳
۱۹۰۳ء	۱۹۴ ۳	۱۹۰۵ء	۲۳۰۸۷
۱۹۰۱ء	۴۵۰۰		

بمبئی میں کمی طاعون:- ہفتہ مختتمہ ۱۳ جنوری کی بابت مندرجہ ذیل سالوں کی مقدار اموات طاعون سے معلوم ہوتا ہے کہ اب سرما میں کچھ کمی ہونی شروع ہوئی ہے۔

۱۹۰۲ء	۴۹۵۳	۱۹۰۴ء	۹۶۷۰
۱۹۰۳ء	۴۲۰۵	۱۹۰۵ء	۳۵۰
۱۹۰۱ء	۱۲۲۰۰		

مذاق

[جو صاحب سب سے اچھا لطیفہ اس کالم کے لئیے ارسال کریں گے انکی خدمت میں ایک روپیہ نذر کیا جاویگا۔ صرف ایک لطیفہ پوسٹ کارڈ یا لفافہ میں خوشخط لکھا ہوا ہو۔ ایڈیٹر]

[انعامی لطیفہ]

۹ دسمبر گذشتہ کے پیسہ اخبار میں جو سب سے عمدہ لطیفہ کے لیئے ایک روپیہ انعام دینے کا وعدہ کیا گیا تہا۔ اس کے مطابق آج بابو الہ دتا صاحب ویریسولی ضلع شملہ کو کہ جن کا لطیفہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ ایک روپیہ نذر کیا گیا ہے۔

دوست:- کچھ عرصہ ہوا میں اور ایک اور شخص ایک مقام پر اکٹھے ہو گئے اور تین روز ایک ہی کمرہ میں قیام کرنے کے باعث کسیقدر دوستی ہو گئی۔ میرے دوست رات کو دودھ پینے کے عادی تھے۔ ایک رات جب نوکر دودھ لایا تو وہ سو گئے تھے۔ میں نے دو تین دفعہ انکو آواز دی کہ اٹھو دودھ پیلو۔ مگر وہ پہلو بدل کر رہ گئے۔ صبح کو جب اٹھے تو میں نے کہا یار دودھ اسی طرح پڑا ہے۔ تم ایسے غافل ہو کر سوئے کہ باوجود میری کوشش کے بیدار نہ ہوئے۔

دوست:- کیا کہوں۔ میں دودھ کا بہت عادی ہوں۔ مگر میری نیند بھی ایسی ہے کہ گھر میں میری بیوی (زوجہ) بڑی مشکل سے مجھے رات کو اٹھا کر دودھ پلایا کرتی ہے۔ (الہ دتا سرویر)

ایک دفعہ میں اور ڈاکٹر رام سنگھ بازار لاہور میں کچھ سامان خریدنے گئے۔ ڈاکٹر رام سنگھ نے جفت پاپوش کی قیمت پوچھی تو دوکاندار نے کہا کہ ڈیڑھ روپیہ جوتا پڑیگا۔ ڈاکٹر صاحب خاموش ہو گئے۔ کمترین نے کہا کہ آپ بزرگ اور نیکبخت معلوم ہوتے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ آدھ آنہ یا ایک آنہ جوتی کھا لیں۔ یہ آپ کو حلال ہے۔ اس پر دوکاندار صاحب شرمندہ ہو کر جوتہ کی اصلی قیمت بتا دی۔ (احمد حسن انچارج ملٹری ہسپتال ریاست جیند)

عجیب عجیب باتیں

جدید پوپ اور نو کا عدد:- پوپ حال کا قول ہے کہ میری زندگی پر نو کے عدد نے عجیب اثر دکھلایا ہے۔ انتخاب پوپ سے پہلے اپنی وینس کی زندگی کے متعلق بیان کرتے ہوئے پوپ سارٹو نے کہا ہے۔ "میری زندگی نو کے عدد سے عجیب طور پر متاثر رہی ہے۔ میں نو سال تک رائیس میں طالبعلم رہا۔ نو سال تک پاڈوا میں پڑھتا رہا۔ نو سال تک ... میں ... نو سال ... میں پادری رہا۔ نو سال تک سالزانو میں پادری رہا۔ نو سال تک ترویزو میں بڑا پادری رہا۔ نو سال تک مانٹوا میں بشپ رہا۔ نو سال تک وینس میں کارڈینل پیٹریارک (بطریق) رہا۔ اور اب جبکہ میں پوپ ہو گیا ہوں تو خدا جانتا ہے۔ شاید میں نو سال تک زندہ رہوں"۔

مصافحہ کرنے کی مخالفت:- یورپ میں بعض لوگوں کا خیال ہے کہ مصافحہ کرنے سے ایک سے دوسرے کو امراض ساریہ لاحق ہوتی ہیں۔ اسلئے مصافحہ نہ کرنا چاہئے۔ لنڈن میں ایک انجمن مخالف مصافحہ قایم ہوئی ہے۔ اس کے جو ممبر مصافحہ کرتے ہیں ان پر دو شلنگ فی مرتبہ جرمانہ کیا جاتا ہے۔ اور جو رقم جمع ہوتی ہے اس سے لاٹریوں کے ٹکٹ خریدے جاتے ہیں۔ اور جو انعام لاٹریوں سے ملتے ہیں وہ انجمن کے حکم کی تعمیل کرنے والے ممبروں میں تقسیم کیے جاتے ہیں۔

ایک نرالی قسم کی آرائش:- لیورپول میں ایک شخص اپنے گلوبند میں ایسی پن لگاتا ہے جسمیں ایک منجمد شدہ انسانی آنکھ لگی ہے۔ یہ آنکھ اسے ملک پیرو میں ملی تھی جبکہ وہ سائینس دانوں کی ایک جماعت کے ساتھ کچھ علمی تحقیقات میں مصروف تہا۔ پیرو میں قدیم زمانہ میں انکا رسم تہا کہ لوگ لاشیں بطور ممیا کے بنا کر ایسے طور پر رکھتے تھے جو اب تک مرور مدت دراز کے بعد بھی محفوظ ہیں۔

پانی نہ پینے والے چرند:- یہ تو دنیا میں ایک لاما ہی کہیں ہوتی ہے جو سالہا سال تک پانی نہیں پیتی اور فرانس میں بھی ... قریب ایک خاص قسم کی ... ہوتی ہے جو اپنی دودھ کی ... مشہور کہ وہ بھی ساری عمر پانی نہیں پیتی ہے۔

حفظ صحت

استفسار

۱۲- کیا عارضہ ہے: میرے ایک دوست کو بعمر پندرہ سال بیماری آتشک کی ہوئی تھی- اور وہ اچھے ہو گئے- اب عمر ۳۰ سال ہے- اور یہ حالت ہے کہ بیٹھے بیٹھے چھینکنے لگتے ہیں- جس طرح دھکے پڑتے ہیں- اگر خود چھینکنے سے رک جاویں تو سانس پھولنے لگتی ہے- یہ کیا عارضہ ہے- (رحیم بخش مکینیٹر خریدار نمبر ۲۱۹)

۱۳- آتشک ہے: عرصہ ایک ہفتہ سے زیر عضو تناسل اور پر سیون کے ایک زخم بابر دونی کے ہو گیا تھا- جو اب برابر ایک انچ کے ہو گیا ہے- اور پیپ سفید جاری ہو جاتی ہے- پھر اسی طرح ہو جاتا ہے- دبانے سے زخم کی جگہ سخت مثل گٹھلی کے معلوم ہوتی ہے جس کے علاوہ اس تکلیف کو دماغ میں درد اور حرارت بخار ہر وقت رہتی ہے- کوئی صاحب جلد علاج بتائیں- (ایک نوجوان از نوشہرہ)

۱۴- مزمن درد سر وغیرہ: تین برس سے زیادہ ہوئے کہ تپ آئی- مسہل لیا بعدہ بعد از طلوع نصف سر میں بائیں طرف درد شروع ہوا- جو دوپہر دن تک ترقی کرتا- اور بعد زوال گھٹتا گھٹتا بعدہ خود بخود بند ہو جاتا تھا- اب سال بھر سے شب و روز یکساں رہتا ہے بایاں نصف سر بوجھل رہتا ہے کان کی جڑ میں درد اور داڑھ بھی شروع ہوتی ہے کوئی چیز چیونٹی کی طرح چلتی ہوئی اور بائیں کان کے اندر سنسنی پہنچتی ہوئی اور بائیں کان اور نصف سر کی رگیں تنی ہوئی معلوم ہوتی ہیں- گاہے گاہے سر تھوڑی دیر کے لئے درد تمام سر اور دانتوں میں بھی پھیل جاتا ہے- رقت اور رعشہ کی بھی شکایت ہے- آرسینک ٹنکچر ایکا- سٹرکینیا کونین وغیرہ وغیرہ خمیرہ بخت دگاؤزبان، کشتہ فلفلی مرجان وغیرہ بطور داخلی اور بلسٹر بطور خارجی استعمال کر چکا ہوں مسہل بھی لیا تھا- فائدہ ہو اگر ازالہ مرض نہیں- دو ماہ قبل درد زمنہ سے بحالت کھانسی خون بھی آ گیا تھا- اب اچھا ہوں عمر ۴۰ سال بدن لاغر (ایک مریض لاچار از [illegible])

علاج

۱۶- ضعف دماغ و لاغری (بجواب استفسار نمبر [illegible]) شنگرف ۲ تولہ سنگھیا ۲ تولہ سنگھیا میں ریں کندہ کا پانی ڈالکر گوندہ لیوے اور شنگرف کے اوپر لپیٹ دیں- دو چار تہیں کپڑے کی دیگر ہی لپیٹے- پھر کٹ کا تیل ۹ پاؤ دیگچہ میں ڈال دیں- اور اس میں اس گولہ کو داخل کرکے اور اوپر سرپوش دیکر اچھی طرح گل حکمت کرکے ایک من بوجھ اوپلہ رکھدیں- نیچے ایک پہر نرم اور ۲ پہر تیز آنچ رکھیں- سرد ہونے پر نکال لیں- خوراک ۲ چاول پان کے پتے میں کھایا کرے- بھوک خوب لگے گی- ہاضمہ قوی ہو جائیگی طاقت جسم میں پیدا ہوگی چہرہ سرخ ہوگا- اور سب خواہشیں پوری ہونگی (رشک [illegible] از [illegible])

گمنام و نشان عزیز

۱۰- میرا فرزند مسمی محمد عظیم مڈل تک تعلیم یافتہ گورا اور گندمی رنگ عمر ۲۱ سال بحصول روزگار بعمر ۱۹ سال سے ملک برما میں گیا ہوا تھا- دو سال تک خط و کتابت جاری رہی- مگر اب عرصہ دو سال سے مفقود الخبر ہے- اسکی والدہ کا اسکی یاد میں انتقال ہو گیا ہے- سنا گیا ہے کہ برخوردار مذکور بمقام ممبو رہا کسی جمال الدین نام ٹھیکہ دار کے پاس ملازم ہے- مگر جتنے خطوط لکھے گئے وہ سب واپس آ گئے- کوئی صاحب اسکا پتہ لگا دیں از حد مشکور ہونگا- برخوردار مذکور پچھلے دنوں میں موجب صاحب کی [illegible] میں ملازم تھا (کریم بخش موضع [illegible] ضلع لدھیانہ)

۱۱- میرا بھائی جواد حسن نام ساکن قصبہ کندرکھی عرصہ سے مفقود الخبر ہے (حلیہ) قد اوسط- لاغر اندام- گندم رنگ داڑھی تھوڑی پر- چہرہ لانبا- سادے سر پر بال لباس انگریزی فیشن طبابت کا شوق نسخہ وغیرہ بنا کر مفت تقسیم کرتا ہے- عمر ۲۲ سال عرصے سے خفا ہو کر تلاش روزگار کہیں چلا گیا- کچھ پتہ نہیں ملتا- (سید محمد یعقوب حسن کندرکھی ضلع مرادآباد)

علم عام

سوال

۱۳- چمڑا رنگنا: میرے کارخانہ میں چمڑے کی رنگائی کا کام ہوتا ہے- چمڑا دکٹہ یا پیپے نکالا جاتا ہے- اس وقت اسمیں پانی کا اثر بہت رہتا ہے- نکالتے ہی مجھے اسپر چربی چڑھانی کی اشد ضرورت ہوتی ہے- پانی کے اثر کی وجہ سے چربی فوراً جم جاتی ہے- کوئی صاحب ایسی ترکیب بتلا دیں کہ چربی چمڑے پر اچھے نہیں پگھلی ہوئی رہے- اور چمڑہ چوس لے- (خریدار نمبر ۲۲۳۸)

۱۴- انگریزی ٹونٹس ہسٹری آف انگلینڈ: عرض ہیں کہ ۱۵۰ طالبعلم فرسٹ ایر کلاس بچے بدل و جان ممنون ہونگا اگر جناب بتلا دیں کہ [illegible] کہاں دستیاب ہو سکتی ہے (محمد عبد الغفار فرسٹ ایر کلاس علیگڑھ)

جواب

۵- حل: حل کے پودہ جیٹھ اور اساڑھ کو موسم میں پھل پھول لاتے ہیں اور کوہاٹ میں بکثرت ہوتے ہیں (خریدار نمبر ۳۳۵۲)

۶- ریچھ و شیر کی چربی: جواب استفسار علم عام نمبر ۱۲ ریچھ کی چربی کو گرم کرکے کھانے سے آدمی فربہ ہوتا ہے- اور شیر کی چربی گرم کرکے اپنے بدن پر ملے تو سردی جاڑے میں معلوم نہ ہوگی- نیز زخم اور ورم اور درد کی جگہ پر لگانے سے بہت مفید ثابت ہوگی- کمر پر شیر کی چربی لگانے سے اچھا ہو جاتا ہے- ریچھ کی چربی برص کے لئے مفید ہے- نیز درد مفاصل کہنہ و وجع الاعصاب میں بھی [illegible] گرم کرکے سینہ پر لگانے سے سردی کھانسی کو مفید ہے [illegible]

پولیس کی مشکلات

[از جناب میر حیدر صاحب بخت اکبرآبادی زین پوری برائے پیسہ اخبار]

کر ڈالی ہے کل جو گذارش ہیں — کہہ رہا تھا یہ اک پولیس والا
سخت آفت میں مبتلا ہیں ہم — نوکری کی کہ روگ اک پالا
جرم پیشوں کو کرتے ہیں چالان — ہم شہادت ثبوت کی لالا
چوروں کو دام میں پھنساتے ہیں — تانتے ہیں فریب کا جالا
کرنے پڑتے ہیں ہمکو استعمال — گاہ تیغ و تبر کبھو بھالا
کبھی بہر تعاقب ملزم — جاتے ہیں بمبئی و بنگالا
گاہ مامور کار خاص ہوئے — پہنچے ہم کاشمیر و انبالہ
اپنا مسکن یہی ہے دنیا میں — کہ سرا ہو کبھی دہرم سالہ
اس طرح ہوتی ہے بسر اوقات — دن میں دھوپ اور رات میں پالا
ہوتی ہے ہمکو جلد عقل اپنی — ٹوٹ جاتا ہے تیر کہیں آلا
اسپہ بھی کچھ نہیں ہے قدر اپنی — نہ ترقی نہ بول کچھ بالا
بلکہ مشکل ہو زندگی ہمکو — وقت بد آسمان نے گھر ڈالا
رہ مثل ہے بعینہ صادق — کہتے ہیں جو خدا کچی لالہ
ہاتھ کالے ہوں جب ہوا تب ہیں
فرق پڑ جائے کچھ تو منہ کالا

اندر در دربار

[برائے پیسہ اخبار]

چل اے خامہ چل اندر سر — شاہی جشن کے لکھ کچھ طور
وسط ہند کے چھوٹے موٹے — جمع ہوئے ہیں راجے رجے
کیمپ بنا ہے رشک گلشن — والی ہو بال پر تو افگن
خوب سجا ہے جھنڈا پتا — رشک ارم ہے تنکا تنکا
دیوا کیمپ کا کیا کم رنگ ہو — پیر فلک بھی حیرت رنگ ہے
جا بہ جا ہے گلشن باد — فرط خوشی سے خستہ شاد
پیچھے کسی سے نہیں ریوا — [illegible]
دھار کی اف اللہ ری دھوم — کیسے [illegible]
سادہ کوہ ہے سارا گلشن — پھرے برسا لاکھوں جوبن
کہیں اسکو دوڑ کی دھار — بھوج کی صنعت کی [illegible]
روشن گھاس آب رنگ ہے — دیدہ انجم جب مجمل ہے
پاس اسی کے ہے سیلانہ — دیکھ کے انساں ہو دیوانہ
جابوہ کیمپ پہ کیا ہے بہار — [illegible]
کیا کیا لکھوں کیا کیا دیکھا — باغ جناں کا نمونہ دیکھا
ہاتھی دیکھے گھوڑے دیکھے — [illegible] کے زرٹے دیکھے
پولو اور جھجا دیکھے — دھار کے ڈینر خانے دیکھے
نیو ڈیلی راج کو دیکھا — وسط ہند کے تاج کو دیکھا
اندور کی آن بان دیکھی — خوبی باسی تازی دیکھی
اپنے پرنس آف ویلز کو دیکھا — اور پرنس ویلز کو دیکھا
سردی دیکھی شبنم دیکھی
راتوں کی عجب سردی دیکھی
(عبد [illegible] از دھار)

پیسہ اخبار مکتب

انعامی لطیفہ جو آج کے پیسہ اخبار میں مذاق کے کالم میں انعامی لطیفہ چھاپا گیا ہے جسکے لکھنے والے کو ایک روپیہ نذر کیا گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ مقابلہ میں کئی صاحبوں نے لطیفہ بھیجے ہونگے۔ جنمیں سوائے انعامی لطیفہ کے دو ایک اور صاحبان کے لطیفے بھی اچھے تھے۔ لیکن دو دیگر صاحبان کے لطیفے جو ہنسانے کے لیے تو کافی تھے۔ مگر بوجہ خلاف تہذیب ہونے کے بہت لطیف نہ تھے۔ امید ہے کہ آئیندہ حضرات صرف نہایت لطیف اور بے تکلف ہنسانے والے لطیفے ہی بھیجا کرینگے۔

رہنمائے مسافران ہند۔ قلات (شایق سیاحت از لکھنؤ) کتاب رہنمائے مسافران ہند حصہ اول دوم سے آپکا کام نکلے گا۔ حصہ دوم میں ہندوستان کے تمام ضروری مقامات تک جو خواہ ریلوے سٹیشنوں کے قریب ہیں یا ان سے دور ہیں اور وہاں تک سڑک پکی یا کچی ہے اور کس سواری پر کتنی میل جاتا ہے کونسی ریلوے لائن استعمال کرنی چاہیئے وغیرہ مندرج ہیں۔ آپ قلات جانے کی نسبت دریافت کرتے ہیں اسکی نسبت اس رہنما میں یہ درج ہے کوئٹہ پہنچکر سواری اونٹ ۹۰ میل راستہ میں مفصلہ ذیل پڑاؤ آتے ہیں۔ مستنگ تک ۳۳ میل یہاں مسافر خانہ ہے۔ کردگاپ تک ۱۰ میل منگاچر تک ۴ میل یہاں پولیس ڈاک بنگلہ ہے۔ قلات تک ۲۲ میل یہاں پولیٹکل بنگلہ ہے۔ سڑک پر کوئی ہوٹل یا ڈاک بنگلہ نہیں ہے۔ ... کوئٹہ سے مستنگ تک اور اس سے آگے منگاچر تک جا سکتے ہیں ... سواری کے اونٹ کا کرایہ کوئٹہ سے قلات تک آٹھ روپے۔ اسباب کوئٹہ سے عموماً اونٹ پر بحساب فی اونٹ ... کرایہ پر بھیجا جاتا ہے۔ رہنمائے مسافران حصہ اول میں نہ صرف تمام ہندوستان کے بڑے بڑے شہروں اور سٹیشنوں تک پہنچنے کا کرایہ اور ریلوے لائنیں درج ہیں بلکہ ان سب مقامات کے تاریخی جغرافیائی حالات معہ مشہور عمارات اور دیگر ضروری حالات کی جو خبر کو مطلوب ہوتے ہیں درج ہیں۔

دہلی شاہدرہ سہارنپور لائٹ ریلوے (قاسم علی بیگ از رائیور میکلیلا) اور دیگر کئی صاحبان نے جو خالص دیسی سرمایہ کی ریلوے لائن کا پتہ وغیرہ دریافت کیا تھا اور اس سے پہلے ایک پرچہ میں اور نیز بعض خطوط کے جواب میں اس لائن کا پتہ درست نہیں لکھا گیا ہے۔ اب اسکی اصلاح اس طرح کیجئے۔ دہلی شاہدرہ سہارنپور لائٹ ریلوے کمپنی کا ہیڈ آفس کلکتہ میں ہے اور ایک شاخ دہلی میں ہے حصص کی خریداری کے متعلق کلکتہ اور ملازمت کے متعلق دہلی کے دفتر سے خط و کتابت کیجیئے۔

بچال کی بیماری اور نگیاں ... مسرز بی ... بچال ...

... ین زش کرنے کو بھیجیں جو درحقیقت نہایت خوش مزہ مفرح اور شیریں تھیں۔ انگور کی بدمزہ اور کھٹی نارنگیوں کے خلاف یہ نہایت خوش ذائقہ اور شیریں تھیں۔ اڑھائی روپے سینکڑہ کے حساب سے مندرجہ عنوان پتے سے مل سکتی ہیں۔

حلوائے گذر مرکب بہ مشہور کارخانہ "پھلواڑا ضبی سہارنپور" نے ایک نہایت عمدہ مقوی دل و دماغ و اعصاب حلوا مقویات و مغزیات و میوہجات کے مرکب سے تیار کیا ہے جو ایک مفرح غذا کے علاوہ مقوی دوا بھی ہے۔ قیمت فی سیر دو روپیہ۔ چیز کی خوبی کے مقابلہ میں معمولی ہے۔ جو شایقین منگائیں گے کھاکر یقیناً خوش ہونگے۔

ایک سو روپیہ سے پچیس روپیہ منافع (خان محمد خاں ہیڈ ماسٹر نمبر ۲۶۱۶) مجھے ایسی کوئی کارخانہ یا کمپنی معلوم نہیں جہاں سو روپیہ سرمایہ کا سالانہ منافع پچیس روپیہ ہو۔ دس پندرہ فیصدی سالانہ منافع والی کمپنیوں کے حصے بمشکل ملتے ہیں۔

انگریزی اخبار (خریدار نمبر ۳۳۵) لکھتے ہیں کہ سستا انگریزی اخبار ... گارڈین کلکتہ تین روپیہ سال کا ہے۔ لیکن مستفسر صاحب کا مطلب پنجاب کا سستا اخبار پوچھنے کا تھا۔

تمدن (محمد خلیل الرحمن از گھوڑا دل) تمدن کے معنے شائستگی اور تہذیب کے بھی ہیں۔ کہ جسے انگریزی میں سولیزیشن کہتے ہیں اور معاشرت اور بستی بسا کر رہنے کے بھی ہیں۔ اسی لیئے شہر کو مدینہ کہتے ہیں۔ اور انسان کو مدنی الطبع کہا جاتا ہے۔

بالوں کی رنگت بدلنا (محمد زمان ڈرافٹسمین) بالوں کی رنگت مستقل طور پر بدلنا ناممکن ہے۔ اسلیئے آپ بھورے بالوں پر ہی صبر کیجیئے۔

اردو انگریزی ڈکشنری (ر ... ام از ملتان) اردو انگریزی ڈکشنریاں تو کئی ہیں لیکن حال میں ایک سستی ڈکشنری اس قسم کی سٹوڈنٹس پریکٹیکل ڈکشنری آف ہندی ہندوستانی لینگویج الہ آباد میں چھپی ہے جسکی قیمت اڑھائی روپیہ ہے اور اردو خط میں الفاظ درج ہیں۔

ہیئر آئل: لالہ نند لال صاحب ... ہند میڈیکل ہال بازار امرتسر نے اپنے خوشبودار تیل کا نمونہ بھیجا ہے۔ جو استعمال سے بہت اچھا معلوم ہوا ہے قیمت فی شیشی ۱ ... امرا ... منجن ... بھگوان ... ٹوتھ پوڈر کی ایک ڈبیا وصول ہوئی ہے۔ جو ... بھگوان ... سے ملتا ہے۔ اس منجن سے دانت خوب صاف ہوتے ہیں۔ قیمت فی ڈبیا ...

دانت منجن۔ دانت صفا مرہم اور بال صفا پوڈر ... صاحب ... کلکتہ نے یہ تینوں ادویات بھیجی ہیں جو تین ... ڈبیوں میں بند ہیں نیز ... تینوں کی ... ان کے بال صاف کرنے کے تیل کی شیشی ... راستہ ہی میں ٹوٹ گئی تھی

سودیشی

سودیشی لکھنے کا سامان (بی۔ ایل بی سی شرما سودیشی دستور سٹور گولڈن سٹریٹ ہوشیار پور) نے اپنی دکان کے سودیشی سامان کے کچھ نمونے بھیجے ہیں۔ یہ سودیشی چاقو۔ پنسل۔ نب۔ ہولڈر۔ دوات شیشہ۔ کاغذ جیبی ... پیپر اور صابن ہیں۔ گو پنسلیں اور نب ابھی بھدے ہیں۔ لیکن خاصے کام چلانے کے قابل ہیں خصوصاً ہولڈر لکڑی کے حصے بہت اچھے ہیں۔ جو لوگ قیمت کی بے پرواہ بمقابلہ سودیشی کے نہیں کرتے ان کے لیئے بی ایل بی سی شرما نے بہت اچھا سامان فراہم کر دیا ہے۔ ایک نب کی قیمت روپیہ زیادہ ہے۔ مگر کیا کیا جائے ابھی نب بنانے کی ولایتی کی سی مشینری ہندوستان میں نہیں آئی جاپانی دواتوں کو سودیشی میں شامل نہیں کرنا چاہیئے علاوہ اس کے ہندوستان میں شیشہ کی دواتیں کافی اور سستی ملتی ہیں۔ شایقین دیگر اشیا کی قیمتیں کارخانہ سے دریافت کرلیں۔

بانس بریلی کا فرنیچر (سید عبد الہادی بانس بریلی) آپ نے جو پیسہ اخبار میں ایک کالم دیسی دستکاری کے واسطے وقف فرمایا ہے وہ پبلک پر بیحد احسان فرمایا ہے۔ اسکی ظاہر ہے کہ دیسی صنعت اور تجارت کو بہت ہی نفع ہوگا۔ چنانچہ اس احسان کا بندہ بھی شکریہ ادا کرتا ہے۔ بانس بریلی ممالک متحدہ میں کرسیاں اور میز پلنگ ... اور ہر ایک قسم کا فرنیچر جو کہ ... جو مکانات اور بنگلوں کی سجاوٹ اور زیبائش کے واسطے درکار ہوتا ہے۔ مثل نمونہ ولایتی کے تیار ہو کر ارزاں قیمت پر فروخت ہوتا ہے۔ جس سے شہر بریلی مشہور ہے۔ اور ایسی فرنیچر کی یہاں سے اچھی طرح تعمیل ہو سکتی ہے۔ (سید عبد الہادی گورنمنٹ پنشنر)

پیپر مل (عبد الواحد سوداگر سکندر آباد) پیپر مل ہندوستان میں بہت فائدہ مند ابتک ثابت نہیں ہوئیں۔ باوجودیکہ ولایت کے برابر یہاں کاغذ بھی سستا نہیں ملتا۔ یورپ میں بعض ملکوں مثل جرمنی و انگلستان میں سینکڑوں بڑی بڑی کاغذ کی ملیں ہیں۔ مگر ہندوستان میں پانچ چھ ملیں بھی کسی معقول فائدہ کے ساتھ نہیں چل سکیں۔ اسی لیئے بعض ملوں نے خسارہ اٹھا کر کام بند کر دیا۔ اور باقی نے آپس میں اتفاق کرکے کاغذ کی قیمت بڑھا دی۔ سودیشی مال کی ترقی کا سب سے بڑا اصول ہونا چاہیئے کہ وہ قیمت میں ولایتی مال سے گراں نہ ہو۔

جرابیں (سید محمد حمزہ۔ بریلی) آپکے کارخانہ میں جرابیں بنتی ہیں مخوشی کی بات ہے۔ لیکن اس وقت جرابیں ہندوستان کے اکثر بڑے بڑے شہروں میں بنتی ہیں۔ البتہ ابھی بنیان یہاں نہیں بنتے۔

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم شنبہ ۳ فروری سنہ ۱۹۰۶ع

سودیشی اور بائیکاٹ

معزز ہمعصر انڈین نیشن کلکتہ اپنی ایک تازہ اشاعت میں لکھتا ہے کہ بنارس کانگریس کو اُن رزولیوشنوں پہ مبارکباد نہیں دیجا سکتی جو تقسیم بنگال و بائیکاٹ کی نسبت اُس نے پاس کیے ہیں۔ اور پہلے کی مخالفت دوسرے کی تائید کرتے ہوئے اُنہیں باہدگر لازم و ملزوم گردانا ہے جس سے بجائے فائدہ کے چند در چند نقصانات متصور ہیں۔ ہمعصر مذکور مخالفت تقسیم بنگال کے رزولیوشن کو لفظی و معنوی دونوں خرابیوں سے مملو بتلاتا ہے کیونکہ نہ تو اسمیں تقسیم بنگال کے واجبی نقائص مذکور ہیں۔ نہ اُس کے فقروں کی ترتیب درست کہی جاسکتی ہے۔ ورنہ ازیں عبارت کی بندش بھی بودی اور بھسپھسی اور الفاظ بھدے۔ سمے اور اونٹے ور جہکے ہیں۔ پھر انتظام صوبہ کی کوئی دوسری مناسب صورت تجویز نہیں کی گئی بلکہ تنہا "کوئی ایسا بندوبست کرنے کی سفارش" ہوتی ہے جو "چستی و درستی انتظام کے موافق ہو"۔ یہ مانا کہ بابو سریندر ناتھ بینرجی اور دوسرے لائق سپیکروں نے رزولیوشن کی تحریک و تائید میں جو زبردست و پر معنی سپیچیں کی ہیں اُنہیں تجویز تقسیم کے خوب بخیئے ادھیڑے گئے ہیں اور تمام اعتراضات و اسقام بوضاحت بیان ہوئے ہیں لیکن ہر شخص نہ ان تقریروں کو پاسکتا ہے۔ نہ ہر ایک اپنے ولائتی بھائی پڑھنے کی تکلیف اُٹھا سکتا ہے۔ خصوصاً اہل انگلستان جن کی رائے پر آخری انفاذ و تنسیخ تقسیم کا انحصار ہے۔ اگر باشندگان ہند کی سب سے بڑی پولیٹیکل مجلس کے خیالات و روئداد سے واقف ہونا بھی چاہیں گے تو وہ نوے فیصدی حالتوں میں صرف اس کے رزولیوشنوں کا مطالعہ کرینگے لہذا اشد ضروری تھا کہ یا تو رزولیوشن میں صرف تقسیم بنگال کی بابت اظہار ناخوشی پر اکتفا ہوتی یا بڑے بڑے اعتراض درج کیے جاتے۔ بصورت موجودہ اسے پڑھکر کوئی اجنبی شخص اس سے زیادہ نہیں جان سکتا۔ کہ "تجویز تقسیم بنگال میں کچھ غیر ہردلعزیز تھی۔ اور بنگالہ نے اس کی سخت مخالفت کی۔ بلکہ سرکاری حکم کا نفاذ شروع ہونے کے بعد بھی بنگال کو منقسم نہیں سمجھا"۔ حالانکہ کسی معاملہ کا محض "غیر ہردلعزیز" ہونا اس کی کافی وجہ خیال نہیں کیا جاسکتا کہ گورنمنٹ اس کے اجرا سے باز رہے۔ کیونکہ بیہودہ مراسم کے پابندوں یا ضعیف الاعتقادوں [illegible] کو بہت سی مفید باتیں بھی ناگوار گذرتی ہیں۔ اور قدامت پسند اشخاص اپنی حالت میں ذرا بھی تبدیلی دیکھنی نہیں چاہتے۔ لیکن شفیق و مہربان گورنمنٹ کا فرض ہے کہ انکی بیجا ناراضی کی۔ جو عموماً عارضی ہوتی ہے۔ مطلق پروا نہ کرے۔ اور اصلاحات کو پوری وسعت سے رواج دے۔ ایک اجنبی صرف رزولیوشن پڑھکر خیال کرسکتا ہے کہ تقسیم کی مخالفت محض بنگالیوں کی ضعیف الاعتقادی و رسم پرستی پر مبنی ہے۔ پھر رعایا کا کسی سرکاری تجویز کو بعد عملدرآمد بھی "تعمیل شدہ" ماننے میں تامل کرنا صریح نافرمانی کی حد تک پہنچتا ہے۔ جس کے اظہار سے کانگریس کو احتراز لازم تھا۔ رزولیوشن کی موجودہ صورت سے اندیشہ ہے کہ اہل انگلستان کے دلوں میں بجائے رحم و ہمدردی پیدا کرنے کے غصہ و بدگمانی نہ بڑھ جائے خصوصاً جبکہ اس کے بعد ہی والے رزولیوشن میں "بائیکاٹ" کی موجودگی کا کھلا اعتراف کیا گیا ہے۔ اور اسے برطانیہ کی عام رائے کو گورنمنٹ ہند کی کارروائی پر توجہ دلانے کا صرف ایک موثر و جائز ذریعہ" قرار دیا گیا ہے جسے لوگ تقسیم بنگال کی مخالفت میں اختیار کرنے پر مجبور ہوئے ہیں۔ بھلا اس سے بڑھکر اپنی شوریدہ سری و مخالفت سرکار کا کیا اظہار ہوگا۔ سچ ہے کہ جوش و غضب کی حالت میں انسان کو کچھ آگا پیچھا نہیں سوجھتا اور ساری مصلحتیں نظر انداز ہو جاتی ہیں۔ بنگالی ڈیلیگیٹوں نے اس بیہودہ رزولیوشنوں سے کانگریس کو بھی بدنام

[illegible] سخت و خطرناک بنگالی اخبارات کس منہ سے اخبار انگلشمین کے اس بیان کی تردید کرتے ہیں کہ "رزولیوشن کمیٹی کانگریس سودیشی تحریک کی تائید میں ایک رزولیوشن بنانا چاہتی تھی مگر بنگالی ڈیلیگیٹوں نے اس کے مخالفت تقسیم بنگال سے وابستہ کیے جانے پر زور دیا اور ایسا جھگڑا ڈالا کہ مجوزہ رزولیوشن مرتب نہ ہوسکا"۔ بنگالی صحائف اس بیان کو غلط و بے بنیاد ہونے کی سب سے بڑی دلیل یہ پیش کرتے ہیں کہ کانگریس کے رزولیوشن میں مخالفت تقسیم و تائید بائیکاٹ کے رزولیوشن موجود ہیں۔ لیکن کیا انکی یہ صورت کانگریس کی شان کے خلاف نہیں؟ اور کیا ان کا مضمون کانگریس کے شاندار مقاصد پر بدنامی کا داغ نہیں لگاتا۔ رزولیوشنوں کی عبارت خود زبان حال سے پکار پکار کر کہہ رہی ہے کہ وہ صرف ناگوار ایجیٹیشن پھیلانے اور سودیشی تحریک سے اپنا مطلب نکالنے والوں کی خاطر پاس ہوئی اور انکی ترتیب کے وقت مصالح ملکی و فوائد قومی بالکل نظر انداز کر دیئے گئے جس رزولیوشن کو سودیشی تحریک کا موید بتایا جاتا ہے۔ اس میں سودیشی کا ذکر تک نہیں بلکہ بائیکاٹ کی علانیہ حمایت کی گئی ہے جو سراسر دور اندیشی و عاقبت اندیشی کے خلاف ہے۔ کانگریس کو چاہیئے تھا کہ "تقسیم بنگال" پر بالکل خاموش رہتی اور ایک "مقامی سوال" کو "اہم ملکی مسئلہ" بنانے سے احتراز کرتی۔ کیونکہ وہ ہند کے تمام فرقوں کی قائم مقامی کا دعویٰ رکھتی ہے اور اسکا ثبوت بھی وقتاً فوقتاً بہم پہنچاتی رہتی ہے پھر اُسے مسلمانان مشرقی بنگال کے فیلنگ کا بھی خیال کرنا لازم تھا جنکا بڑا حصہ تقسیم سے خوش و مطمئن معلوم ہوتا ہے۔ اور اس سے اپنی فلاح و ترقی کی امید لگا رہا ہے۔ یہ مانا کہ مسلمانوں کی طرف سے اجلاس کانگریس میں ایسے قائم مقام موجود نہ تھے جو مخالفت تقسیم بنگال کی تردید کرتے اور بنگالیوں کے اعتراضات کا ترکی بترکی جواب دیتے۔ نیز انکا کوئی پبلک آرگن بھی موجود نہیں ہے جو کانگریس کو مسلمانوں کے خیالات سے آگاہ کردیتا اور مسئلہ کو پوری قوت سے زیر بحث لاتا۔ تاہم کانگریس صرف بنگالیوں سے مرکب نہیں۔ جو مخالفت تقسیم کے جوش میں آپے سے گذر گئے ہیں۔ بلکہ اسمیں دیگر صوبوں کے معاملہ فہم اور روشن خیال مصلحت اندیش لوگ بھی شریک تھے۔ جو بڑی سنجیدگی سے اس کی تحقیقات کر سکتے تھے۔ یہ کسی طرح کانگریس کی شان کے شایان نہ تھا کہ ایک متنازعہ سوال پر یکطرفہ فیصلہ صادر کر دیا۔ علاوہ ازیں اگر کانگریس کو وقت طلب سمجھتی تھی تو اسے بالفعل صرف سودیشی [illegible] تحریک کی اپنی پوری طاقت سے تائید و اعانت کرنی اسکی بجائے بائیکاٹ کے جائز قرار دینے میں سیاسی [illegible] معقول ہمعصر انڈین نیشن نے بڑی غلطی سمجھی کہ کانگریس جیسی عظیم الشان مجلس سے صادر ہونے کا

جاتا اور دوسری ...
سے بٹا ہے۔ افسوس! کیا اسے بڑھ کر نکتہ چینی نہ لیں گے کہ جس تحریک کا اصل مقصد یہ تھا کہ ملک کی ملی ترقی صنعتی بہبودی کا وسیلہ بنا کر پردہ ڈالا جاتا تھا۔ وہ برطرف انگریزی مال کو ہند کے بازاروں سے خارج کرنے کی کوشش پر مبنی ہے پھر اس اغراض کی غرض بھی کھول دیگی ہے کہ وہ انگلستان کی عام رائے کو گورنمنٹ ہند کی کارروائی پر توجہ دلانے کے سوا کچھ اور نہیں۔ پھر اگر گورنمنٹ اس سے ناراض ہو تو بڑی حد تک حق بجانب بھی جائے گی۔ اور انگلستان کے لوگ بھی بجا نقصان و زوال صنعت پر برہم ہونگے۔ ایک طرف تو عجز و زاری سے اہل انگلستان کو اپنی حالت زار پر متوجہ کیا جاتا ہے اور دوسری جانب انکی جیب کترنے کی تجویز ہوتی ہے۔ پھر وہ کب اس دو رخی پالیسی کو اچھی نظر سے دیکھیں گے۔ بائیکاٹ سے اہل ہند کو ذرا بھی دور سے طرح رکھنا چاہیے۔ کیونکہ یہ طول اختیار کر کر حکمران قوم کی دلآزاری تک پہنچتا ہے۔ جو رعایائے ہند جیسی حاکم پرست قوم کا شیوہ نہیں۔

میونسپل مقامات پنجاب کی صحت

یہ دریافت کرنا موجب طمانیت ہے کہ دوران سال گذشتہ میں پنجاب میونسپل مقامات کی صحت عموماً اچھی رہی۔ طاعون کے سوا جو کئی سال سے بطور قہر الٰہی ملک پر محیط ہے اور کسی قسم کی وبا شدت سے نہیں پھیلی ... پائی ... سارے صوبہ میں قریب قریب ... ہندوستانی میونسپلٹیاں تمام امراض متعدی سے پاک رہیں البتہ طاعون نے قسمت دہلی پر خوب ہاتھ صاف کیا۔ اور دہلی و امرتسر ڈویژنوں کے اکثر شہر اس سے بچ نہیں پائے ہیں۔ گو خدا کا شکر ہے کہ امرتسر میں اس نے خوفناک صورت اختیار نہ کی اضلاع جہلم و شاہ پور میں اس کی بھی شکایت ہوئی اور قسمت ملتان کے اکثر قصبات اور ڈیرہ غازیخاں میں بھی اس کے قدم گئے مگر زیادہ نقصان نہ پہنچا۔ ہز آنر صاحب لفٹنٹ گورنر بہادر نے اپنے ریویو میں ظاہر فرمایا ہے کہ لاہور میں صاحب ڈپٹی کمشنر نے انسداد وبا کے لیے جو کوششیں کی تھیں۔ انکو رعایا نے پوری مدد نہیں دی۔ اور ڈیرہ غازیخاں و ... گڈھ میں ممبران میونسپلٹی نے وباء سے بھاگ بھاگ کر لوگوں کو بددل کیا۔ حالانکہ انہیں بڑی مستعدی سے اس کے دفعیہ میں ساعی ہونا چاہیے تھا۔

جاپان کی خریداری تعلیمیات

اگرچہ ... کے متعلق وقت ... بلانے کی افواہیں عموماً پایۂ تصدیق کو پہنچ جائیں تو اس سودے کی جدت نہ صرف ...

... گورنمنٹ کو بھی بیچے گئے ہیں دوست جنگی جہازات سیتقدر قریب آ جانے سے خاص اطمینان ہوگا۔ اور جرمنی و فرانس کا اثر چینی و ہند چینی سمندروں میں سر نہ اٹھا سکیگا۔ مگر دیکھنا یہ ہے کہ باشندگان جزائر فلپائن ایک جمہوری حکومت سے شاہی کے ماتحت آنیکو کہاں تک بنظر قبول دیکھیں گے۔ جبکہ انہوں نے امریکن اقتدار کو بھی بڑی مشکلوں سے تسلیم کیا تھا۔

وسط ہند میں ریشم کی پیداوار

یہ دریافت کرنا موجب مسرت ہے کہ گورنمنٹ بھی وسط ہند کو بعض مفید حرفتوں کا مرکز بنانے میں بنگال کے حصہ کا ساتھ دینا چاہتی ہے اور وہاں ریشم کی پیداوار مستحکم بنیاد پر قایم کرنے میں کوشش کر رہی ہے۔ چنانچہ ان دنوں صوبہ جات متوسط کی لوکل گورنمنٹ نے جنگلات کے ایسے رقبہ جات دریافت کرنے اور ان سے کام لینے کے متعلق احکام صادر کیے ہیں۔ جو ریشم کے کیڑوں کی پرورش کے لیے موزون پائے جائیں۔ یہ اور نیز محکمہ جنگلات کی معرفت جنگلی ریشم کی جو مقدار مل سکتی ہے۔ اسکی بھی تحقیقات کی جائیگی۔ اور جن درختوں کے پتے ان کیڑوں کی پرورش کے لیے درکار ہوتے ہیں انکے لگانے میں بھی پوری مدد دی جائیگی کچھ عرصہ کے بعد کیڑوں کی پرورش اور ریشم کی تیاری کے بہترین طریقوں کی بھی آزمایش ہوگی۔ اور جاپانی طریقے جنکا بنگلور میں بکامیابی تمام عملدرآمد ہو رہا ہے حتی الامکان تیزی سے رائج کیے جائیں گے۔ کشمیر اور ... میسور کے بعد وسط ہند میں ریشم کی پیداوار پر خیال رجوع کیے جانے سے امید بندھتی ہے کہ عنقریب ہندوستان کی صنعت ریشم از سر نو فروغ حاصل کریگی

نامزدگی ممبران کونسل

قانونی کونسل پنجاب کی ممبری کے لیے لفٹنٹ ملک عمر حیات خاں صاحب ٹوانہ رئیس کالرہ ضلع شاہ پور، سردار پرتاب سنگھ صاحب آہلووالیہ رئیس جالندھر اور ٹھاکر جمال چند صاحب پلیڈر گورداسپور کی نامزدگی کا بپیشگاہ گورنمنٹ ہند سے منظور ہونا سارے صوبہ میں بنظر طمانیت و مسرت دیکھا جائیگا کیونکہ ہر سہ اصحاب مذکورۃ الصدر اپنی اپنی جگہ بڑے ذی وجاہت و ہردلعزیز اور کار ہائے رفاہ عام میں گرمجوشی سے حصہ لینے والے ہیں مگر نامزدگی ممبران سرکار کا طریقہ اصولاً کچھ ایسا قابل اعتراض اور پبلک فوائد کے لحاظ سے ناقابل اعتبار ہے کہ اسے جلد "کھلے انتخاب" سے بدل دینا چاہیے۔ تاکہ رعایا کو صوبہ کی مجلس وضع آئین و قوانین میں اپنے معتمد قائم مقام بھیجنے کا موقع ملے اور روشن خیال و آزاد رائے اصحاب ترتیب قوانین میں جوہر دکھا سکیں۔ نیشنل کانگریس کے اجلاس ... حال میں بھی بنارس کی طرح صوبہ پنجاب میں ناگوار ...

... مینے بلانے کے رزولیوشن پاس ہوئے ہیں۔ گر دیکھیے رعایائے پنجاب کی یہ تمنائیں کب تک بر آتی ہیں!

حضور وائسرائے اور تعلقہ داران اودھ

ہز ایکسیلنسی لارڈ منٹو بہادر کا تازہ جواب ایڈریس تعلقہ داران اودھ اپنے اختصار، سادگی، متانت اور نتیجہ خیزی میں لارڈ ممدوح کے کسی سابقہ جواب سے گھٹا ہوا نہیں۔ اور اسے ایڈریس دہندگان کو بخوبی خوشنود و مطمئن کرنے کی وجوہ پر حاوی کہا جا سکتا ہے۔ کیونکہ ہز ایکسیلنسی نے تعلقہ داروں کو ان جاگیروں کا قایم مقام تسلیم فرمایا ہے۔ جن پر ہر ایک ملک کا استحکام بڑے درجہ تک مبنی ہوتا ہے اور "اپنے فرائض کو اچھی طرح سمجھنے والا اور ملک کی ترقی میں اطاعت کے ساتھ واجبی حصہ لینے والا" قرار دیکر انکا یہ فخر جائز و بجا ٹھہرایا ہے کہ انہوں نے اپنے حکام کا ادب و اعتماد حاصل کیا ہے اور خود کو آبادی کی روزانہ زندگی کا ایک موثر جزو بنایا ہے نئی پود کے لیے ہز ایکسیلنسی کا یہ اظہار توقع قابل غور ہے کہ وہ اپنے بزرگوں کے نقش قدم پر چلیگی اور موجودہ زمانے کی خوشحالی انہیں ہمیشہ یاد رکھیگی کہ دنیا کی کامیابی عزم راسخ۔ محنت وقابلیت ذاتی پر موقوف ہے۔ آخر میں ہز ایکسیلنسی نے یہ دلخوش کن وعدہ کیا ہے کہ وہ انکے علاقہ کا دورہ کرکے تعلقہ داروں سے انکی جاگیروں پر ملاقات فرمائیں گے۔

تحصیل موگہ میں ایک نرالا حکم

تحصیل موگہ ضلع فیروزپور سے ایک بے ضابطہ و ناقانونی حد سے متجاوز کار روائی کی اطلاع ملی ہے۔ جو ڈسٹرکٹ بورڈ مڈل سکول کی خاطر مزارعین سے چندہ وصول کرنے کے متعلق بتائی جاتی ہے۔ عام طور پر بھی خواہان ملک کیلئے اس سے بڑھکر کوئی امر موجب اطمینان و مسرت نہیں ہوسکتا کہ زمیندار و کاشتکار تعلیمی امور میں زیادہ دلچسپی لیں اور کسی سکول کے قایم کرنے یا وسعت دینے کی خاطر سرگرمی و فراخ حوصلگی سے چندہ دیں۔ مگر جو صورت تحصیل موگہ میں وصولی چندہ کے متعلق اختیار کی گئی ہے وہ کسی طرح مستحسن نہیں کہی جاسکتی کیونکہ تحصیلدار صاحب کا ایک پروانہ دیکھنے سے جسکی نقل دفتر ہذا میں پہنچی ہے معلوم ہوتا ہے کہ مزارعین سے سکول کا چندہ بحساب ایک فی روپیہ لگان کے ساتھ وصول کیا جا رہا ہے۔ اور اس کے لیے عام پٹواریوں کے نام تحصیلدار صاحب کا تاکیدی حکم صادر ہوا ہے کہ چندہ میں اصل رقم مالیہ ... پر ایک آنہ فی روپیہ کے حساب سے کل لگان لیا جائے اور نمبرداران اس رقم کو ملا کر خریف ۱۹ ... کے ساتھ داخل کریں اور جنہوں نے ... داخل کر دیا ہے یا وصول کر لیا ہے

اصلیت کیا ہے

پروانہ کے آخر میں شرح سیاہی سے ایک نوٹ بھی اس مضمون کا دیا ہوا ہے کہ "...... جنوری تک نائب تحصیلدار صاحب اور ...... جنوری ۱۹ تک ہم خود اس غرض سے آئیں گے۔ پہلے وصول ہو جانا چاہیئے" جس سے معلوم ہوتا ہے کہ تحصیلدار صاحب کو وصولی چندہ میں بڑا شغف ہے۔ لیکن معزز مقامی معاصر پنجابی کا ایک نامہ نگار یقین دلاتا ہے کہ بہت سے کاشتکار و کا اصل فیلنگ اس معاملہ میں مضمون پروانہ سے مختلف ہے اور وہ چندہ نہیں دینا چاہتے۔ حالانکہ پروانہ میں "جملہ ذیلداران نمبرداران و دیگر کل معزز زمینداران تحصیل مذکورہ" کو قرارداد مقدار و طریق وصولی چندہ میں متفق دکھایا گیا ہے اور یہ تجویز انہی کی طرف سے بتائی گئی ہے کہ حکام ذمہ داران اس پر نوٹس لیں۔ اور اگر مزارعین واقعی ادائے رقم چندہ سے ناراض ہوں تو انہیں معاف رکھیں۔

اور راولپنڈی سے ایک طبیب علاج کرنے رہے ہیں۔ لاہور سے "شمس الاطباء" ڈاکٹر غلام جیلانی صاحب جو ایران میں سفارت انگریزی کے ڈاکٹر ہیں اور آجکل رخصت پر لاہور مقیم ہیں۔ بعد ڈاکٹر ونیت رائے صاحب ایم آر سی ایس وغیرہ جو لندن میں پریکٹس کرتے ہیں اور آپ چند ماہ میں لاہور میں تھے۔ مگر خانپور رسیدہ ہے ولایت چلے گئے ہیں۔ راجہ صاحب موصوف کے معالجہ کو بیٹے خانپور گئے۔ الحمد للہ کہ اب راجہ صاحب صرف نقاہت کو سوا ہر طرح اچھے ہیں۔ اور ان کے کثیر التعداد دوست یہ معلوم کرکے خوش ہونگے کہ اب انہیں کوئی بیماری نہیں ہے۔ راجہ صاحب موصوف اپنی پبلک کاموں کی دلچسپی سرکاری خدمات جلیلہ۔ ذاتی وجاہت۔ خاندانی شرافت علمی لیاقت اور چند در چند دیگر خوبیوں کے لئے مشہور عام ہیں خدا سے دعا ہے کہ وہ عرصہ دراز تک بایں ہمہ حسنات بخیر و عافیت زندہ رہیں۔

چاہئے تھا ...... ہندوستانی اس تحریک سے بچکر ...... دھرنے ڈرتے ہیں کہ اس کو الجھتے ہیں ہمارے پچھلے حکمران یا بلا واسطہ بعض حیثیتوں سے عملی طور پر اس کی مذمت کرتے ہیں۔ عام اس سے کہ گورنمنٹ کی توجہ زراعت کی طرف ہو یا معدنیات کی جانب یہ ساری صورتیں دیسی حرفتوں اور ہندوستان کے صنعتی ذرائع کی ترقی کی ہیں۔ غرضکہ اس کا تصفیہ ہونا باقی ہے کہ ہندوستانی تعلیم یافتہ اور محبان وطن گورنمنٹ کی ان کارروائیوں سے کہاں تک سبق لیتے ہیں۔ بزرگ سر بی نظر دیوان بہادر جونا گڑھ کے احکام سے۔

راجہ جہانداد خان صاحب

جناب راجہ جہانداد خان صاحب چیف آف گکھڑ زبا لقابہم

چیف آف گکھڑ ...... کیا بی سی آئی ای کی طبیعت گذشتہ دو ہفتہ میں بعارضہ بخار و سرفہ بہت علیل رہی۔ پہلے تو راجہ صاحب ......

جیالوجیکل انسٹیٹیوٹ اور سودیشی تحریک

حال میں ہندوستان کی معدنیات و طبقات الارض کے متعلق جو انسٹیٹیوٹ قائم ہوا ہے اور اس کا جو جلسہ ۱۶ ماہ حال کو اسنول میں منعقد ہو چکا ہے اس سے ناظرین پیسہ اخبار کو اطلاع دیجا چکی ہے۔ اور اسی نوع کی اور ......

ہندوستان میں ایجادات کا خیال

ہندوستان میں آجتک مفید علمی تحقیقات و کار آمد صنعتی ایجادات کی کمی بڑے ناگوار طریقے پر محسوس کیجا رہی تھی۔ مگر خدا کا ہزار ہزار شکر ہے کہ اب ایک طرف تو اول الذکر کے لئے مسٹر ٹاٹا کے شاندار "ریسرچ انسٹیٹیوٹ" کی تجویز عنقریب عملی صورت قبول کیا چاہتی ہے۔ اور دوسری جانب تازہ صنعتی بیداری سے لوگوں کا خیال واقعی ایجادات کی طرف رجوع ہونے لگا ہے۔ چنانچہ انڈسٹریل کانفرنس نمائش کی رپورٹ میں بہت سی قیمتی اختراعات کا ذکر دیکھا جاتا ہے۔

ایک عظیم الشان اسلامی خوشخبری

ہم خاص ماہ جنوری و فروری سنہ ۱۹۰۶ء میں عام مسلمانوں کو واسطے اپنی بے نظیر کتب مندرجہ ذیل میں بہت رعایت کرتے ہیں گویا اصلی لاگت پر دیتے ہیں۔

نام کتاب	نرخ	[illegible]
بے نظیر حمائل شریف مترجم و محشی اردو مجلد چرمی نہایت خوبصورت اعلیٰ قسم کی جلد	صہ	للعہ
بے نظیر قرآن مجید مترجم کلاں معہ تفسیر حیدری اردو مجلد حجم ۹۱۲ صفحہ	للعہ	للعہ
جمیل مشکوٰۃ شریف مترجم و محشی اردو مجلد حجم ۹۰۰ صفحہ چار جلدوں میں	للعہ	للعہ
ریاض الصالحین مترجم و محشی اردو صحیح احادیث تہذیب اخلاق میں جلد اول	۶ع	عہ

کیفیت

اور مجلد کی قیمت اور محصول ڈاک وغیرہ خرچ بذمہ خریدار ہوگا۔ اور علاوہ ان کے کتب دینیہ کفایت سے ملسکتی ہیں۔ فہرست کتب خانہ اور نمونہ جات ترجمہ قرآن مفت طلب کیجئے۔

المشتہر عبدالغفور غزنوی تاجر کتب
بازار الاسلام امرتسر

حب مسکین

راضی ہیں ہم اسی میں جس میں تری رضا ہے
یہاں یوں بھی واہ واہ ہے اور یوں بھی واہ واہ ہے

پچاس برس سے آزمودہ ہوچکی ہے جس کی ہر فرد بشر کو ضرورت ہے۔ خاص کر بچوں کو اور بوڑھوں کو بمنزلہ تریاق کے ہے۔ نزلہ و زکام و کھانسی تر و خشک۔ سینہ کی دیرینہ ضیق النفس سیل یعنی جنکو خفیف سی حرارت اور دن بھر منہ میں سے خون آتا ہو نیز طاقت دماغ کیواسطے لاثانی گولی ہے علاوہ یہ ہو کہ قابض نہیں۔ طبیعت پر تیز اثر تو انائی کمال بخشتی ہے۔ قیمت فی شیشی ۱۲ محصولڈاک ذمہ خریدار۔ ہمارے ہاں یہ خاندانی پیشہ طبابت کا ہے اور فہرست آزمودہ ادویہ وغیرہ مفت بیلی کارڈ بھیجنے پر ملسکتی ہیں۔ تشخیص امراض و علاج ......

المشتہر حکیم ...... حکیم ...... کوچہ ......

اکسیر رس

یہ وہ دوا ہے جسکو استعمال کرکے ہر بوڑھا کمزور جوانی کی طاقت حاصل کرکے زندگانی کے اصلی لطف اٹھاتا ہے اور گم شدہ طاقت پھر لاتا ہے۔ مایوس ہو کے بمنزلہ تریاق ہے۔ حیرت افزا طاقت دیتا ہے۔ مایوسان قوت باہ کیلئے بمنزلہ اکسیر اور دماغی طاقت کیلئے بے نظیر دوا ہے۔ یہ وہ نسخہ ہے جو ہر اسرار سینہ بسینہ مخفی رہا تھا۔ اسکی تعریف میں زیادہ گویائی فضول ہے آپ آزمائیں۔ بعد تجربہ اسکے فوائد اوروں کو سنائیے تاکہ ہر ایک دردمند شخص کو فائدہ پہنچے۔ قیمت صرف عہ محصول ذمہ خریدار۔ ہمارے کارخانہ کی فہرست کارڈ بھیجکر طلب فرمائیے۔

المشتہر لاہور سنگھ ...... امرتسر پنجاب

کان پوری ٹول

ہمارے پاس اس وقت برائے فروخت موجود ہے۔ اور حسب تفصیل شرح پر دستیاب ہو سکتی ہے۔ ٹول اصلی کانپوری فی درعہ ۳۰ ر

۱۰ تھان کے خریدار کو ۲ پائی فی روپیہ کمیشن

۱۵ تھان سے تہان کے خریدار کو ۳ پائی فی روپیہ کمیشن دیا جاویگا۔

شیخ محبوب علی رحمت اللہ صاحب سوداگر و ...... نجوم ...... لاہور

قصوری جوتیاں

سمجھدار لوگ دل سے چاہتے ہیں کہ ایسی صنعت و حرفت کی ترقی ہو۔ قصوری جوتیاں بخوبی خوبصورتی اور مضبوطی میں مشہور ہیں۔ ایسی صنعت کا اعلیٰ نمونہ ہیں۔ باوجود گراں ہونے کے قیمت جوتوں میں فرق ہے۔ سادہ جوڑا عمدہ ۲ ...... تک جو ہمارا شرح و رنگ سے ...... تمام نمونوں کا کرایہ مکتبہ سے طلب کیجئے۔ فرمائش کے ہمراہ پاؤں کا ناپ آنا ضروری ہے۔ خوشبودار میتھی فی سیر ۸ ر

المشتہر شیخ محمد بخش جوت دوز قصور ضلع لاہور

بال اڑانے کا پوڈر۔ قیمت فی بکس ۸ ر
کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملسکتا ہے

... [illegible] ضرورت

پر مختلف مضامین میں عام بیان محنت کو درجہ دی گئی ہے جسکا نتیجہ انشاءاللہ بہت اچھا نکلیگا۔ ہند کے مسلمہ مصنوعات سرہنری کاٹن ما لفا ہم نے معمولی چرخہ ششل اور دستی اچھی کو ترقی دینے کی ضرورت جتا کر امید لگائی ہے کہ صنعتی ایجادات سے ہمیں انگلستان کا منت کش نہ ہونا پڑیگا اور ہندوستان ہی کے بہر مندوں سے یہ مشکل حل ہو جائیگی۔ مسٹر اہل ناموں پرنسپل آرٹس کالج کلکتہ نے دکھلایا ہے کہ کتائی میں دستی محنت ڈھائی یا بھی ترقی کا مقابلہ نہیں کرسکتی لیکن پارچہ بافی میں ہاتھ کا کام ضرور فروغ پاسکتا ہے۔ البتہ اتنی ضرورت ہے کہ اعلیٰ درجہ کے راچھ نکالے جائیں۔

چین کی بیداری

جاپان کی شاندار جنگی کامیابی سے جو علاوہ دیگر سیاسی و تجارتی فوائد کے چین میں اس کا اقتدار قوت پانے اور روس کے اثر سے ایشیا کی سب سے بڑی اور قدیم سلطنت کے ازسرنو عروج حاصل کرنے کی امیدیں لگائی جاتی تھیں۔ وہ بوجہ احسن پوری ہو رہی ہیں۔ اور اہل چین بڑی تیزی سے اپنے مراسم بیہودہ رسومات بیہودہ کو چھوڑ کر تہذیب و اصلاح کا رنگ قبول کرتے جاتے ہیں۔ چنانچہ دوران سال گذشتہ میں چینی طلبا مقیم جاپان کی تعداد دگنی سے بھی زیادہ ہو گئی ہے۔ اور ممالک یورپ و امریکہ میں جانے ...

والے نوجوانوں کا شمار بھی بڑھ گیا ہے۔ کچھ عرصہ قبل ایک مدبروں کا ایک ڈیپوٹیشن مختلف سلطنتوں سے پارلیمنٹری انتظام کا ڈھنگ دیکھنے کے لیے روانہ کیا گیا جو تاکہ بارہ سال بعد چین میں پارلیمنٹ قائم کرنے کے متعلق مشورہ و مدد دیں۔ ان دنوں چینی سفیر متعینہ لندن نے ظاہر کیا ہے کہ جنوبی و شمالی علاقوں میں ایک جدید سپاہ مغربی طریقے پر مرتب ہوگی۔ اور چند در چند انتظامی اصلاحات عمل میں آئینگی جن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ تبت پر شمول دوسرے صوبوں کے باقاعدہ حکومت کیجائے گی جس کی بابت انگلستان کو اس جانب سے کسی بے جا مداخلت و حرکت کا خدشہ باقی نہ رہیگا۔

الیکشن میں لبرلوں کی شاندار کامیابی

انگلستان میں انتخاب عام کی دھوم دھام ۴ جنوری کو ہو گئی اور ۱۹ فروری کو جدید پارلیمنٹ حضور ملک معظم کے دست مبارک سے باضابطہ افتتاح پائیگی گو ابھی تک خاتمہ کارروائی کے نتیجہ کی خبر نہیں ملی۔ لیکن لبرلوں نے ۲۴ جنوری کو آخری تار برقی روانہ ہونے کے وقت ہی اتنی نشستیں حاصل کر لی تھیں کہ اب انکی کامیابی کے متعلق کوئی تشویش باقی نہیں رہ سکتی کیونکہ ان کے ۳۶۲ ممبر صرف یونینسٹ گروہ کے ۱۴۲ منتخب اراکین سے زیادہ ہیں۔ بلکہ انکی تعداد سارے ہوس آف کامنز کے ۶۷۰ ممبروں کی نصف تعداد ۳۳۵ سے بھی ...

بقدر ۲۰ کے بڑھ گئی ہے جسے الفاظ دیگر یوں کہا جا سکتا ہے کہ اگر یونینسٹ نیشنلسٹ اور لیبر پارٹیاں آپس میں متحد ہو جائیں اور انکی مجموعی قوت بھی لبرلوں کے مقابلہ میں سر نہ اٹھا سکے اور رہ نہیں آئندہ ہوس آف کامنز میں ایسا زبردست غلبہ پانے میں میسر آئیگا۔ جو عرصہ دراز سے کسی گورنمنٹ کو نہیں ہوا۔ اس وقت تعداد کامیابی پر لبرلوں کو خوشی منانی دیکھانے کم ہے۔

مجوزہ حد بندی سیستان

امیر حبیب الرحمن کمیساہن کے قرارداد حد بندی سیستان میں دریائے ہلمند کی پانی کا فیصلہ سرکار ایران سے متعلق ہونے کی خبریں جو کسی قدر دل سے قبول کیجئے گو دو ہی اعلان وار سلطنت روس میں کیا گیا ہے جہاں سے اخبارات اس سے پہلے معاملہ مذکور پر بہت کچھ زہر اگل چکے ہیں۔ ... بار فارس کو اسکی حق تلفی کا یقین دلا کر اشتعال دلاتے دلاتے ابھار رہے ہیں۔ لیکن ہمیں کلام نہیں ہو سکتا کہ کمیشن کا فیصلہ ایرانیوں میں کبھی بھی خوشنودی و اطمینان نہیں دیکھا گیا۔ اور وہ نہیں شبہ ہے اس کے متعلق اپنے حقوق و فوائد کی پامالی کا رہا۔ چنانچہ قرارداد کے مشتہر ہونے کے ساتھ ہی اخبار کلکتہ نے ایک طویل و زبردست مضمون لکھ کر گورنمنٹ فارس کو اسکی ترمیم کا مشورہ دیا تھا۔ اور مصر کے فارسی ...

اخبارات میں بھی چرچا رہا تھا جس سے لوگ ایرانی گورنمنٹ کی منشا سمجھنے لگے تھے۔ تاہم امید ہے کہ بیدار مغز مدبرین انگلستان اس بارہ میں مزید غلط فہمیاں پیدا نہ ہونے دینگے

حیدرآباد دکن کی شاندار نمائش

پنجشنبہ گذشتہ واقع ۴ ماہ رواں کو بلدۂ حیدرآباد دکن کے باغ عامہ میں جس نمائش کا افتتاح بتقریب جشن سالگرہ اعلیٰ حضور نظام عمل میں آیا۔ وہ نہ صرف اپنی رونق و شان اور کثرت مصنوعات و سامان میں ریاست مذکور کی تمام سابقہ نمائشوں سے بڑھی ہوئی رہیگی۔ بلکہ آرایش و تزئین اور سہولت ناظرین کی بعض باتوں میں غالباً برٹش انڈیا کی نمائشوں سے بھی فوق لیجا سکیگی۔ ہمہ اسمیں نہ فقط ممالک محروسۂ نظام کی پیداوار اور دستکاری صنعت و حرفت کے تمام نمونے بڑی کوشش و تلاش سے بہم پہنچائے گئے ہیں۔ بلکہ نمایش دربار دہلی کی تقلید میں امراء و اعزہ ریاست سے بھی بہت سی نادر و کمیاب اشیاء مستعار لے کر رکھی گئی ہیں۔ جن سے دکن کی پہلی صنعتی عظمت کا پتہ چلنے کے علاوہ موجودہ کاریگروں کو اپنے ہنر میں پہلا سا کمال پیدا کرنے کی ترغیب ملتی ہے۔ جس کے فوائد محتاج بیان نہیں اس وقت جبکہ ملک میں ایک سرے سے دوسرے سرے تک صنعتی بیداری کے آثار نمایاں ہو رہے ہیں۔ اور بہی خواہان ملک فروغ صنعت و حرفت کو باشندوں کی خوشحالی کا بہترین ذریعہ قرار دے چکے ہیں۔ نظام گورنمنٹ اور رعایائے دکن ایسی مفید و شاندار نمایش کے انعقاد پر ضرور قابل تحسین و لایق مبارکباد کہی جائیگی

مسن شاہ ڈنمارک کی وفات

کسی شخص کا ۸۸ برس کی [illegible] طویل عمر پانے نصف زندگی میں ایک یورپین ملک کی فرمانروائی کا لطف اٹھانے۔ اپنے ایک بیٹے کو تخت یونان پر سرفراز ایک پوتے کو ملک ناروے کی حکومت پر ممتاز ہوتے دیکھنے۔ اور ایک ایک بیٹی کو روس و انگلستان جیسی عظیم الشان سلطنتوں کی ملکہ بنوانے کے بعد دنیا کو چھوڑنا کسی طرح حسرت انگیز نہیں کہا جاسکتا۔ خصوصاً جبکہ اسے اپنی اولاد و خاندان کی آئندہ خوشحالی کے متعلق بھی پورا اطمینان حاصل اور اس کا ملک قدیم کے تنازعات و خطرات سے پاک ہو۔ تاہم شاہ کرسچن والی ڈنمارک میں دنیا کا سب سے زیادہ معمر حکمران اور شہنشاہ روس و قیصر ہند جیسے شاہان ذوی الاقتدار کا نانا و خسر و دیان ناروے و یونان کا دادا و پدر ہونے کی کچھ ایسی خصوصیتیں تھی۔ اور شاہ موصوف نے بھی اپنی اس غیر معمولی شاندار حیثیت سے اپنی رعایا کو فائدہ پہنچانے کے علاوہ امن عالم کی اچھی خدمت

یورپین ممالک میں [illegible] پایا جائیگا۔ اور یقینی دربار [illegible] میں ڈنمارک کا سانحہ دینے کو زیادہ ہونگے۔ افسوس

انگلستان کا جنرل الیکشن

ممبران پارلیمنٹ انگلستان کے جدید الیکشن کے نتائج میں سب سے زیادہ حیرت انگیز غلبہ رائے ہے جو لبرلوں کو قریباً (۳۹۰) امیدواروں کے انتخاب سے نصیب ہوا ہے۔ اور جس نے نہ فقط ان کی گورنمنٹ کو سات سال آئندہ کے لئے پورا استقلال بخشا ہے۔ بلکہ انہیں دوسرے فریقوں کی منت کشی سے بھی آزاد کر دیا ہے۔ کیونکہ خاص انکے ممبران کی تعداد نصف ہوس سے زیادہ ہے۔ اور تمام پارٹیوں کی مجموعی طاقت سے بقدر ۰۰ کے بڑھی ہوئی ہے۔ جس پر لبرل جتنا فخر و ناز کریں کم ہے۔ یہ کامیابی اتنی بڑی اور غیر معمولی ہے کہ جس کی نظیر گذشتہ چوتھائی صدی کی پارلیمنٹری تاریخ میں نہ مل سکے گی۔ کیونکہ نیشنلسٹ اور لیبرائٹ اراکین کو شامل کرکے لبرلوں کی جو میجارٹی پارلیمنٹ میں ۰۰۰ سے اوپر پہنچیگی۔ وہ لارڈ سالسبری و مسٹر گلیڈسٹون کو اپنے زمانہ عروج میں بھی نصیب نہیں ہوئی!

مسٹر مارلے اور کفایت شعاری

جدید وزیر ہند مسٹر جان مارلے کی ذات سے رعایائے ہند نے اپنی فلاح

(دیکھو صفحہ ۳۰)

...صرف مسٹر موصوف کی [illegible] ... [illegible] بلکہ اُن خیالات سے بھی مدد ملتی ہے جو صاحب موصوف نے منصب [illegible] ... رت ہند قبول فرمانے کے بعد ظاہر فرمائے ہیں۔ چند ڈہائی ہفتہ قبل کی تقریر آنریبل وقعہ میں آپ نے پونٹیکل گورنمنٹ پر غفلت کے علاوہ فضول خرچی کا جو الزام بڑے پُر زور لفظوں میں لگایا ہے اور اپنے دعوے کو سابق وزیر خزانہ کے مصدقہ اعداد حسابی سے پایۂ ثبوت تک پہنچایا ہے۔ وہ اہل ہند کے لیے کسی طرح فال نیک سے کم نہیں۔ کیونکہ ہندوستانی سالہا سال سے متعدد [illegible] غیر ضروری اخراجات کا بار اُٹھا رہے ہیں جن پر ... ایک وائسرائے نے کچھ نہ کچھ ایزاد کیا ہے۔

لونی شلمان ریلوے کے کام میں رکاوٹ

معزز مقامی اینگلو انڈین ہمعصر کے نامہ نگار پشاور کی تازہ تحریر سے یہ دریافت کر کے افسوس ہوتا ہے کہ شمال مغربی سرحد پر جنگی مقاصد کے لیے جو ریلوے لائن بنام لونی شلمان ریلوے تیار ہو رہی ہے۔ اُس کے ڈویژن عا مقیم الی ریوان کو مسدود کر دینے کا حکم دیا گیا ہے جس سے اندیشہ ہوتا ہے کہ مجوزہ لائن سے سرحدی قبائل کی وحشت و مخالفت رفع ہو جائیگا جو اطمینان دلایا گیا تھا۔ وہ بجز اس کے صحیح نہیں نکلا اور غالباً کسی قبیلہ

فرقہ کی طرف سے کوئی قضیہ اُٹھنے کا احتمال پیدا ہوا۔ جو کام بند کرنے کی ضرورت پیش آئی۔ اس اندیشہ کو اس لیے اور قوت ملتی ہے کہ بظاہر ڈویژن عا کا کام عارضی طور پر بند نہیں ہوتا۔ بلکہ اس کا عملہ بالکل برخاست کیا جا رہا ہے جس کے بعد ڈویژن عا کا کام بدرجۂ تکمیل پہنچنے کی اُمید باقی رہتی ہے جو صرف ۲۳ میل تک پہنچیگا۔ مگر اس سے مجوزہ لائن کے حقیقی مقاصد کسی طرح پورے نہیں ہوتے۔ دیکھیے!

حیدرآباد دکن

اگرابھی تک شاندار نمایش حیدرآباد کی رسم افتتاح کے تفصیلی حالات وصول نہیں ہوئے مگر صاحب ڈائرکٹر نمایش کے آخری اعلان سے پایا جاتا ہے کہ دکن کی پیداوار اور صنعت و حرفت کے کثیر المقدار و مختلف الانواع نمونوں کے علاوہ جنسے مزارعین صناع اور تجار کو قیمتی معلومات بہم پہنچنے والا رعایا کو اپنے ملک کے زرعی۔ و حرفتی وسائل سے آگاہی حاصل ہونے کے فوائد عظیم متصور ہیں۔ مشاغل تفریح و انبساط و اسباب راحت و آسایش میں بھی نمایش مذکور ہند کی دیگر نمایشوں سے فوق لے جائے گی کیونکہ گرین ریڈ کمپنی نامور مالک ریفرشمنٹ روم بمبئی کو مذکورہ نمایش میں ہوٹل کھولنے کی اجازت ملی ہے۔ مشہور تھیٹریکل کمپنی وہیں تھیٹر دکھا رہی ہے۔ البیمن ریلوے جو ۱۵۔

---

۲۰ ہزار کے سرمایہ سے بنی ہے۔ آگ کی لڑائی جو نہایت دلچسپ و شاندار بنائی جاتی ہے۔ دریائے رواں کا تماشا۔ پہیہ دار گھوڑاؤں سے تختہ پر چلنے کی مشق بے اختیار ہنسانے والی تصاویر کا مرقع۔ فوجی نمایش سینما ٹوگراف۔ یعنی چلتی پھرتی حرکتیں کرتی ہوئی قد آدم تصاویر میں دربار دہلی کی سیر۔ نشانہ بازی کی گیلری۔ ہاسٹن سرکس وغیرہ ایسے عجیب و دلاویز تماشے وہاں جمع کیے گئے ہیں کہ نمایش کی سیر میں ہر طبقہ و خیال کے اشخاص کو خاص لطف آئیگا۔ اور لوکل سپیشل ٹرینوں اور موٹر گاڑیوں کے ذریعہ سے وہاں تک پہنچنے میں بڑی سہولت رہیگی۔

اخبار سٹیٹسمین کلکتہ اور گورنمنٹ ہند

یہ دریافت کرنا موجب اطمینان ہے کہ ہندوستان کے ذی وجاہت و با اثر اینگلو انڈین اخبارات مثل "ٹائمز آف انڈیا" "مدراس میل" "انڈین ڈیلی نیوز" وغیرہ نے بھی اخبار سٹیٹسمین کلکتہ کے منجانب گورنمنٹ ہند عتاب اور سرکاری خبروں سے محروم کیے جانے کو بنظر افسوس دیکھا ہے۔ اور گورنمنٹ کی جابرانہ کارروائی کو ایک نامناسب قرار دیا ہے۔ جو کسی طرح ایک شایستہ و زبردست حکومت کی شان کے شایاں نہیں۔ اخبار ٹائمز آف انڈیا نے اس ناگوار طرز عمل کی

مخالفت میں ایک طویل و زبردست مضمون بعنوان "بائیکاٹ کی حکمت عملی" شائع کر کے جتایا ہے کہ سرکاری خبریں بند کرنے کی کارروائی درحقیقت بائیکاٹ سے کسی طرح کم نہیں۔ اور سخت محل حیرت و افسوس ہے کہ گورنمنٹ نے بائیکاٹ کی شدید مخالفت کرنے کے باوجود اپنے معاملہ میں اسے روا رکھا۔ پریس کی آزادی کا اس طرح گلا گھونٹنے سے رعایا و گورنمنٹ کے مقاصد و فوائد کو مضرت پہنچنی متصور ہے۔

علیگڈھ کالج میں آثار ترقی

ٹرسٹیان علیگڈھ کالج کے سالانہ جلسہ منعقدہ ۲۰ و ۲۸ جنوری گذشتہ میں جناب نواب محسن الملک بہادر نے بحیثیت سکرٹری جو رپورٹ سنائی وہ جملہ حامیان تعلیم خصوصاً بہی خواہان کالج کے لیے موجب اطمینان و مسرت کہی جائے گی اور منتظمین مدرسۃ العلوم خاصکر محترم و محسن قوم سکرٹری کی مساعی جمیلہ لایق شکر گذاری قرار پائینگی جنکی بدولت مسلمانوں جیسی غافل و نادار قوم نے سنہ ۱۹۰۵ء میں ۴۰۴۰۰ روپیہ کا چندہ اپنی تعلیم گاہ کے لیے منظور کیا اور ۱۳۷۰۰ روپیہ کے سوا جس کے عنقریب وصول ہونے کی قوی امید بتائی جاتی ہے سب ادا کر دیا۔ اس کے علاوہ کالج کی معمولی آمدنی و خرچ سنہ ۱۹۰۵ء میں ۲۴۰۴۶ و ۲۲۵۷۶۱ روپیہ رہا جس میں بالترتیب ۱۱ و ۵ فیصدی کا قابل اطمینان اضافہ ہے۔ کالج و سکول کے طلباء اور بورڈرز کی تعداد بھی بڑی تیز رفتار سے بڑھ رہی ہے۔ جو قوم میں تعلیمی ضرورت کا احساس روز بروز ترقی ہوتے جانے کی مسرت انگیز دلیل سمجھنی چاہیے۔ آجکل خدا کے فضل سے کالج و سکول میں کل ۶۰۰ طلبا (بمقابلہ ۵۹۵ سال گذشتہ) اور ان میں سے ۲۶۰ بورڈرز (بمقابلہ ۵۲۰) ہیں۔ اکثر زیر تعمیر عمارات بھی تکمیل کو پہنچ گئی ہیں اور کل ۱۳۳۶۲ روپیہ سال کے اندر تعمیر پر خرچ ہوا ہے۔

جنرل الیکشن کے متعلق تار برقیوں کی بوچھاڑ ہفتہ گذشتہ کے ساتھ ہی ختم ہو گئی ہے اب ایک آدھ مختصر تار کسی بھی کبھی بجٹ کی نسبت آتا ہی ہے۔ تو اس سے کوئی دلچسپی نہیں بیچاتی۔ کیونکہ پچھلے ہفتہ کے وسط ہی میں لبرلوں کی شاندار کثرت رائے سے نتیجہ کا فیصلہ ہو چکا ہے۔

روس میں بحالئی امن و امان کی امید کو "ہنوز دلی دور است" کا جواب مل رہا ہے۔ پرسوں ہی ایک جلیل القدر جرنیل بمقام طفلس میں بم کے گولے سے ہلاک ہوا۔

پنجاب میں گذشتہ تین سالوں کی آمدنی انکم ٹیکس کی اوسط (۱۲۶۷۹۹۲) روپیہ رہی۔ تخفیف سے پہلے (۱۴۸۱۴۴۰) روپیہ کیسال میں وصول ہوئے تھے۔ سنہ ۱۹۰۴ء کی آمدنی (۹۳۱۳۳۱۸) بمقابلہ (۱۱۵۶۰۲۲) روپیہ سال ماسبق کی ہے

انتخاب گورنمنٹ گزٹ پنجاب

(مورخہ ۲۵ جنوری ۱۹۰۶ء)

مسٹر ٹی جے کینیڈی ڈویژنل جج انبالہ ۲ ماہ ۲۳ یوم کی رعایتی اور ایک سال ۳ ماہ ۲۸ یوم کی فرلو رخصت ۲۲ اپریل ۱۹۰۶ء سے حاصل کی۔

لالہ مولراج ایم اے اکسٹرا جوڈیشل اسسٹنٹ کمشنر لاہور عارضی طور پر ملتان کے ایڈیشنل جج مقرر کیے گئے۔

مسٹر ایچ فابس اسسٹنٹ کمشنر ہوشیارپور ضلع کوہاٹ کو تبدیل ہو کر بجائے شیخ رکن الدین ایم اے تبدیل شدہ پنڈی گھیپ سب ڈویژن کے انچارج مقرر ہوئے۔

لالہ رنگی لال ایم اے پروبیشنری اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر مقرر ہوئے۔ اور ضلع کرنال میں بندوبست کا کام سیکھنے کے لیے تعینات کیے گئے۔

کپتان ایف ڈبلیو ٹیلر مجسٹریٹ چھاؤنی بجائے میجر ایف آر ہیکس ۱۴ نمبر سکھ تبدیل شدہ کے انبالہ کے اسسٹنٹ مجسٹریٹ چھاؤنی مقرر ہوئے۔

بھائی امراؤ سنگھ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر رہتک نے ۲ ماہ کی رخصت رعایتی حاصل کی۔

مسٹر اے لطیف اسسٹنٹ کمشنر رخصت سے واپس آ کر انچارج کی

جنرل شدہ کو سابقہ ...

مسٹر ایف سو اچل سپرنٹنڈنٹ پولیس کی رخصت میں جو دسمبر ۱۹۰۵ء سے رخصت پر ہیں ڈاکٹری سارٹیفکیٹ پر بحکم صاحب وزیر ہند سہ ماہ کا اضافہ کیا گیا۔

مسٹر آر ریچرڈسن سپرنٹنڈنٹ پولیس نے دو ماہ کی رعایتی رخصت ایک ماہ متعلق خدمات [illegible] کی۔ مسٹر ای ڈبلیو برنگ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس فیروزپور بجائے مسٹر ریچرڈسن قائم مقام سپرنٹنڈنٹ ضلع گوجرہ مقرر ہوئے۔

مسٹر جی ایم راس اور مسٹر ایچ ڈبلیو نکلسن اسسٹنٹ انجینئر درجہ سوم نمبر سرحد ڈویژن ریلوے میں تعینات ہوئے۔ مسٹر ایچ این رابرٹسن اسسٹنٹ انجینئر درجہ سوم ... جہلم ڈویژن ... میں متعین ہوئے۔ مسٹر پی سی پکانکل اسسٹنٹ انجینئر دہلی سے تبدیل ہو کر پروفیشل ڈویژن نمبر اول لاہور میں تعینات ہوئے۔

لارڈ ایمپن وزیر اعظم [illegible] اعلان کیا ہے کہ جابجا نئے توپ خانہ اور چند انجینئر رکھے جائیں گے اور غرب الہند میں مستقل طور پر ایک کروڑ روپیہ رکھا جائیگا جہاں ہر سال ایک کروڑ ... بھی پہنچا کریگا۔ فیصلہ ... کی وجہ سے ہے۔ ... دسمبر گذشتہ کو ہوئی تھی۔

مشاغل علمی و ریویو

منظوم قربان شاہی - منشی ... ارشاد صاحب افق ... ایک وقت میں سراسر نظم اخبار نکالا کرتے تھے ... مرحوم کے مشہور قربان شاہی ... کو جو نظم میں موزوں کیا ہے ... چھاپ کر ... کرایا گیا ہے۔ ... گئے ہیں یہ قربان شاہی جو ہندوستان کا ... ہر طرح قابل یادگار ہے قیمت ... ہے۔ جو ... چاہیئے تھی۔

راجپوت دلاوروں کا سلسلہ تھا و یرہ۔ اس سلسلہ میں ... چار قصے ... راجپوت ... شائع کی ہیں (۱) ... (۲) ... (۳) ... (۴) مہاراجہ پرتھی راج ... اور ... کے دربار پر آویزاں کرنے کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ ... تصویر ... ہندوستان ... کے ... یادگار ... غنیمت ... ہر تصویر کے ساتھ کچھ حالات بھی ہیں ... راج کی تصویر پر لکھا ہے۔

... غوری کی بدی سے مارا گیا ... غوری کو گکھڑوں نے مارا تھا ... غلطی سے بعض مورخوں نے لکھا ہے ... قیمت ہر تصویر کی بالکل مناسب ہے۔

کشمیری میگزین - کشمیری مسلمانوں کی برادری میں اتحاد و اتفاق پیدا کرنے، برادری کی اصلاح اور ان لوگوں کو صنعت و حرفت کی جانب متوجہ کرنے کے لئے منشی محمد الدین صاحب فوق ایڈیٹر پنجہ فولاد نے کشمیری میگزین کے نام سے شروع سال سے ایک ماہوار رسالہ جاری کیا ہے جس کا پہلا نمبر بہت اچھے مضامین سے پر کیا گیا ہے۔

ضیاء الاسلام مراد آباد - یہ رسالہ مولوی محمد فضل حسین صاحب بسمل کے اہتمام سے مراد آباد سے کافہ مسلمین کی ترقی امور اصلاح اور اشاعت اسلام کے لئے جاری کیا گیا ہے۔ ... پرچہ میں شمس العلماء مولوی ... صاحب - نواب ... الدین صاحب - محمد شفیع الدین خاں ... حضرات کے دلچسپ اور مفید مضامین ... ہیں۔ قیمت سالانہ عہ

اگریکلچرل جرنل آف انڈیا - اگریکلچرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ پوسا کی طرف سے ... اعلیٰ رسالہ انگریزی زبان میں ... زراعت کے متعلق ... صاحب ڈائرکٹر جنرل ... زراعت ہند شائع ہوا کریگا۔ اس پہلے نمبر میں ... ہندوستان میں ...

---

۲۸ - فروری ۱۹۰۶ء تک

عظیم الشان رعایت میں توسیع کی گئی

کسی صاحب کو ان بکسوں کی شیشیوں کی تعداد میں کمی بیشی کرانیکا اختیار نہیں

۱	جیب بکس ۶ شیشی جیون بوٹی	عہ	۶ا	للعہ	۲ر	ار	۵عہ
۲	جیب بکس ۱۲ شیشی [illegible]	۲عہ	سعہ	ار	۲ر	ار	[illegible]
۳	۲۴ شیشی	سعہ	سے	ار	۲ر	۲ر	[illegible]
۴	بارہ شیشی	۱۲عہ	سے	۲ر	۲ر	۲ر	[illegible]
۵	پندرہ شیشی	سے	سے	ار	۸ر	۳ر	[illegible]
۶	... شیشی روح / جیب ...	[illegible]	[illegible]	۲ر	۸ر	۳ر	[illegible]
۷	... شیشی	[illegible]	[illegible]	۲ر	۸ر	۳	[illegible]
۸	... شیشی	[illegible]	[illegible]	۲ر	۸ر	[illegible]	[illegible]
۹	[illegible]	عہ	[illegible]	ار	ار	ار	[illegible]

مندرجہ بالا بکسوں کی طرح اعلی روح ردافع طاعون ... ہیرا ساز ... اصل قیمت ... قیمت لاگت بکس محصول ڈاک کمیشن منی آرڈر مندرجہ بالا نقشہ کے مطابق ہے

شاہی حکیم محمد ... سوداگر ... پبلیشر ریاضی ... لاہور

کیا یہ غلط ہے

ہر جا چشمۂ بود شیریں
مردم و مرغ و مور گرد آیند

اگر نہیں تو پھر آپ تریاق بے نظیر سے جس کی ... شہرت نے چاردانگ عالم کو حیرت میں ڈال دیا ہے اب تک کیوں بے خبر ہیں ... کمزوری ... طاقت بخشنے والی رگ پٹھوں کو مضبوط کرنے والی ... خون کی کافی مقدار پیدا کرنے والی ... کے اعجاز مسیحائی کا کام دینے والی ... مردی ضعف ... جریان ... کو دور کرنے والی کوئی دوائی نہیں ... زکام کی ... کو ... مفید ... طاعون کو ... جوانی کی ... طاقت ... اور ... شرمندگی ... فاسفورس ... خواست کے وقت ... ضرور لکھیں۔ قیمت بکس ... ایک ... جو ... کافی ہے۔

محبوب حافظ صحت - اگر آپکا ... نہیں ہوتا تو ... ہیں ... صرف ... مقدار ... کو ... خاص ... حاصل ... ہو ... مفت۔

المشتہر محمد عبداللہ قریشی ... وزیر آباد پنجاب

مراسلات

چھوٹے اضلاع کی بعض عدالتوں پر ایک سرسری نظر

(از جناب بابو شیو دیو سرن صاحب وکیل گوڑگانوہ)

میں مناسب سمجھتا ہوں کہ اپنے مضمون کو مولوی محمد حسین خان صاحب عارف صدیقی کے اشعار ذیل سے جو انہوں نے بے ایمان و بددیانت اہلکاروں کی سرخی کے نیچے اپنی کتاب موسومہ "موتیوں کا ہار" میں تحریر فرمائے ہیں شروع کروں

ہوں جو ایسے بھی تو حاکم کئی | جو نہیں ہوتے ہیں بشاش رشوتی
لینا رشوت کا سمجھتے ہیں حرام | پر سفارش سے بنا دیتے ہیں کام
یا طبیعت کی ہے شوخی اس قدر | بیٹھ جاتے بات اک دل پر اگر
یا نکل جائے زبان سے ناگہاں | اس سے ہٹتے کو وہ سمجھیں کسر شان
عدل کو جانیں خصلت انعام | اور سمجھیں عرش پر اپنا مقام
ہیں یہ ظالم رشوتی گرچہ نہیں | رشوتی ہے ان سے تو بہتر کہیں
رشوتی ایمان کھوتا ہے مگر | لے لوا کر پیٹ تو لیتا ہے بھر
مفت میں ایمان یہ کھو دیتے ہیں | مفت ایمان جانے سے بھی غضب

اشعار بالا میں ایسی سچائی ہے۔ جو ضرور ہر اہل مقدمہ و اہل وکیل کے تجربے میں آتی ہوگی ایسے لطف اکثر ہندوستانی عدالتوں کے ہندوستانی افسروں میں ہی پائے جاتے ہیں چھوٹا اضلاع میں بالخصوص ہیں۔ جہاں عدالت عالیہ چیف کورٹ و نواب لفٹنٹ گورنر بہادر کی نظر کم پڑتی ہے۔ بعض عدالتوں نے یہ وتیرہ اختیار کیا ہے کہ اپنے خوشامدیوں میں سے چند شخصوں کو منتخب کر لیتی ہیں۔ اور انہی کو مقدمات میں کمیشن مقرر کر دیتی ہیں۔ فریقین مقدمہ کو۔ جو عموماً فلاکت زدہ اور نہایت غریب ہوتے ہیں علاوہ دیگر اخراجات کے کمیشن کے خرچہ و فیس کا تحمل ہونا پڑتا ہے۔ تا دریافت مقدمہ کی کامل تحقیقات و چھان بین کرنا عدالت کا فرض ہے۔ اول کمیشن خاص صورتوں میں اشد ضرورت مقرر کیا جا سکتا ہے۔ اس شہادت کو قلمبند کرنے کے لئے۔ جو عدالت میں تحریر کی جا سکتی تھی کمیشن کسی حالت میں مقرر نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن یہ خوشامد پسند عدالتیں تحریر شہادت کا کام بھی اپنے کمیشن ہی سے لیتی ہیں۔ یہ خود پسند عدالتیں اپنے اس فرض منصبی کو جس کے ادا کرنے کے لئے انکو معقول تنخواہ ملتی ہے۔ خود ادا نہیں کرتیں۔ اور ان اہل مقدمہ سے جو کورٹ فیس ادا کر چکے ہیں کمیشن فیس جبراً وصول کرتی ہیں ان عدالتوں نے انصاف کو جو عملداری انگریزی میں نہایت مہنگا کر دیا ہے۔ اور بھی مہنگا ہوتا ہے کیونکہ عدالتوں کے خوشامدی کمیشن ہر رنگ لیتے ہیں عدالت کی ایسی کارروائی سے پبلک کا بہت سا روپیہ بیجا صرف ہوتا ہے۔ اکثر فیصلے بھی ایسی عدالتوں سے کمیشن کی رپورٹ کے مطابق ہو سکتے ہیں۔ اس طرح وہ فیصلہ جو عدالت کو صادر کرنا چاہئے تھا۔ ایک نا تجربہ کار و ناقص انسان کے ہاتھوں میں چلا جاتا ہے۔ بعض عدالتوں میں اول بھی کمیشن مقرر کر دیے جاتے ہیں۔ اور اس عدالت ماتحت کے فیصلے کو جو دو ڈھائی سو یا تین سو روپیہ ماہوار تنخواہ پاتی ہے۔ بعض اوقات خوشامدی کمیشن اپنی رپورٹ سے منسوخ کرا دیتا ہے۔ اور چونکہ عدالت عالیہ چیف کورٹ میں نگرانی خاص صورتوں میں ہو سکتی ہے۔ اور نگرانی کرنے میں سائل کو صرف کثیر برداشت کرنا پڑتا ہے۔ ایسا کمیشن فیصلہ آخر ہوتا ہے ایسی عدالتیں اپنے بچاؤ کی غرض سے فریقین مقدمہ اور انکے وکلاء کی رضامندی مثل میں تحریر کر لیتی ہیں حالانکہ تقرر کمیشن کے لئے فریقین یا انکے وکلاء کی رضامندی قانوناً ضروری نہیں۔ اور درحقیقت میں دیکھا جائے تو یہ رضامندی بھی بجبر حاصل کی جاتی ہے۔ وکلاء کو ایسی عدالتوں کی ناراضگی سے احتمال ہوتا ہے کہ کہیں موکل کا مقدمہ خراب نہ ہو جائے۔ اور واقعی ایسی عدالتوں کی سرشت میں یہ بات داخل ہے کہ وہ اپنے وکیل سے جو انکا بھی تحکم نہ مانے خفا ہو جاتی ہیں۔ اور وکیل کا تو کچھ کر نہیں سکتیں مگر اس کے موکل کے مقدمات خراب کر دیتی ہیں۔

جب نظر تعمق سے دیکھا جاتا ہے تو گورنمنٹ کا یہ منشا تھا کہ اعلیٰ سرٹیفکیٹ یافتہ اس شخص کو جو حصول اعتماد کامل و اعلیٰ تعلیم کمیشن کے مقابلہ کا امتحان پاس کرنے کے بعد عدالت کی کرسی پر بیٹھنے کا مستحق ہوگا۔ نہایت کارآمد ثابت ہوتا ہے کیونکہ ان اشخاص میں جنہوں نے امتحان مقابلہ پاس کر لیا ہے۔ وہ نقص جو محمد حسین خاں ہے۔ جو وجہ زیادتی خوشامد و اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کے نہیں پایا جاتا۔ بیچ بی اے۔ ایم اے صاحبان جس قانون کے مطابق عمل کرتے ہیں۔ انصاف کا خون اگر ہوتا ہے تو ایسی عدالت میں ہوتا ہے جنہوں نے اہلکار رکھو حکام کی روزیانہ خوشامد و بیجا تعلق کی وجہ سے عدالت کی کرسی کو حاصل کیا ہے۔ بہت سی عدالتیں ایسی ملیں گی جو اپنے گذشتہ ایام میں سرشتہ خوان یا ہیڈ کلرک یا سپرنٹنڈنٹ دفتر فارسی تھیں جیسا یہ حکم سننے کی عادی ہوتی ہیں۔ ویسا حکم خود سے بے خطر اپنے ماتحتوں پر چلانا چاہتے ہیں۔ اپنا یہ بنائے جس پر حکم چلانے کی خواہش انکے سینہ میں موجزن ہوتی ہے۔ اہلکاری کے زمانے بعض ان اشخاص میں سے رشوت ستانی کے عادی ہوتے ہیں مگر از کرتحفہ تحائف وغیرہ اور خیال کرتے ہیں یہ لوگ عدالت کی کرسی حاصل کر کے بھی اپنی پرانی عادت نہیں چھوڑتے بجو رشوت نہیں لیتے وہ نہایت مغرور ہوتے ہیں۔ اپنا مقام عرش اعلیٰ پر سمجھتے ہیں۔ اپنے اختیارات اور رنگ زیب سے کم نہیں خیال کرتے بیجا تحکم جتلاتے ہیں۔ جا بیجا حکم صادر ظاہر کرتے ہیں۔ ناکردہ گناہ بھی غریبوں کے نام نوٹس جاری کرتے ہیں خود سمجھتے ہیں سب کچھ سمجھا رہتے ہیں۔ علانیہ کہتے ہیں کہ دفتر کا دروازہ مغضوب و مقہور شخص پر بند کر دینگے۔ ہر شخص کو ناجائز دباؤ سے اپنا غلام بنانے کی کوشش کرتے ہیں

...ایسی عدالت کو مسلخوان سے جب عدالت جا طور سے ہی ایک عدالت اسپر خفا ہوئی تو باقاعدہ جواب دیا تھا۔ کہ میں کوئی مستغیث یا ملزم تو ہوں ہی نہیں۔ آپ مجھ سے خفگی کیوں ظاہر کرتے ہیں۔ ایسی عدالتوں کی عادت ہوتی ہے کہ فریقین مقدمہ کو گالی گلوچ دیتے ہیں۔ ہر روز ایسی عدالت میں ناظرین دید تماشہ نظر آتا ہے کبھی کسی گواہ سے ناک رگڑوائی جاتی ہے کبھی کسی صوبیدار سے زبردستی ناکردہ گناہ معافی منگوائی جاتی ہے۔ چونکہ ایسی عدالتیں اپنے زعم فاسد میں یہ خیال کرتی ہیں کہ "ہم چو ما دیگرے نیست" یہ کلی بات ہے کہ بد مزاج ہوتی ہیں۔ اس بد مزاجی کا اثر صرف اہل مقدمہ تک ہی محدود نہیں رہتا۔ بلکہ کورٹ انسپکٹر و نائب کورٹ انسپکٹر بھی ایسی عدالتوں کی بد مزاجی کے اثر سے مصئون نہیں رہتے۔ آج ریل پر ٹکٹ کلکٹر سے جھگڑا ہوا ہے تو کل ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس سے نہایت خفیف معاملات پر تنازعہ ہو گیا۔

جب ایسی عدالت کسی وکیل سے خفا ہوتی ہے تو عجب کیفیت ہوتی ہے۔ وکیل کا جب کچھ نہیں کر سکتی تو دباؤ ڈالنے کی غرض سے وکیل کے موکل پر ہی مقدمہ بنا جعلی ہے مسل میں جھوٹے ریمارک وکیل مذکور کی نسبت لکھنے شروع کر دیتی ہے۔ مقدمات عذرداری وغیرہ کو داخل دفتر کر دیتی ہے۔ اپیلیں کل وکیل معتوب کے خلاف فیصلہ ہوتی ہیں۔ معائنہ مسل کی درخواستوں کو بھی خلاف قانون قرار دیکر داخل دفتر کر دیا جاتا ہے۔ وکیل پر خفا ہونیکا نزلہ اس طرح بیچارے موکل پر پڑتا ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ وکیل اکثر الگ تھلگ رہتے ہیں وکیل سے خفا ہونے کے کیا معنی؟ اس کا جواب ہم دیتے ہیں۔ چونکہ ایسی عدالت خود پسند ہوتی ہے اسکو یہ بھی گوارا نہیں کہ کوئی شخص اُس کی عدالت سے مقدمہ منتقل کرانے کی درخواست دے۔ جو شخص ایسی درخواست دیتا ہے اسکو ایسی خود پسند عدالت اپنا دشمن خیال کرنے لگتی ہے۔ پھر اس عدالت کو یہ شورش ہوتی ہے کہ کس وکیل نے میرے خلاف مشورہ قانونی دیا۔ اسکا دلوگ ایک آدھ پولیس کا آدمی۔ خوشامدی ٹٹو لگے ہی رہتے ہیں جس وکیل سے ذرا کاوش ہوئی جھٹ کان میں جا کر جڑ دیا کہ فلاں وکیل آپ کے خلاف ہے۔ ایسی عدالت کانوں کی کچی بھی ہوتی ہے۔ بد اعمالی دبے الفاظ سے بھی کی چھوڑی جاتی ہے۔ جھٹ سنی سنائی باتوں کا یقین کر لیتی ہے اور وکیل کے خلاف بھی ہو بیٹھتی ہے۔ شیخی بگھارنے کی پرانی عادت جھٹ کر دیتی ہے کہ چیف کورٹ میں رپورٹ کر کے وکیل مذکور کا سرٹیفکیٹ چھنوا دونگی۔

ایسی عدالت انسانیت کے پایہ سے بھی گری ہوئی ہوتی ہے۔ اصلی شریف انسان وہ ہے جو اگر بعد تحقیقات اپنا قصور معلوم کرے اور ایسی نادانی پائے تو شرمندہ ہو۔ لیکن ایسی عدالت اپنے [illegible] شرمندہ ہونا [illegible]

رعایا کو اپنا غلام سمجھتی ہے اور اپنا حق خیال کرتی ہے کہ اہل مقدمہ وکیل و اہلکار سب اُس کے روبرو سجدہ کریں۔ ایسی عدالت میں چیف کورٹ کے فیصلوں کی بہت بے عزتی ہوتی ہے ہم پانچ مثالیں پیش کرتے ہیں مضبوط [illegible] کی ایسی عدالت میں مٹی پلید ہوتی ہے۔ ایسی عدالت اپنے گھر کا ضابطہ الگ رکھتی ہے جس مقدمہ میں کہ تنازعہ راضی نامہ نہیں ہو سکتا۔ اسمیں بھی دست بردار کر لیتی ہے۔ بہرحال ہے ایسی عدالت صرف بے ایمان و دیانتدار ہی نہیں بلکہ انتہا درجہ کی آرام طلب و کام چور بھی ہوتی ہے۔ قانوناً عدالت کا فرض ہے کہ زیر دفعہ ۱۴۰ ضابطہ دیوانی فریقین کے بیان خود قلمبند کرے۔ لیکن ایسی عدالت یہ کام اپنے مسلخوان پر چھوڑ دیتی ہے وکلائے فریقین کی بحث بھی باقاعدہ باضابطہ ایسی عدالت سماعت نہیں کرتی بلکہ مسلخوان سے فیصلہ لکھوا لیتی ہے۔ مذکورہ [illegible] شہادت ایسی عدالت خود نہیں لکھتی بلکہ اپنے ماتحت اہلکار سے لکھوا لیتی ہے [illegible] ڈگریات کے مقدمات میں بھی احکام [illegible] کے قلم کے نہیں ہوتے بلکہ اہلکار کے قلم کے ہوتے ہیں۔ اشتہارات اجرائی کی جو درخواستیں گذرتی ہیں اُنپر کارروائی کل کی کل مسلخوان یا اور اہلکاروں کے ہاتھ سے ہوتی ہے۔ ایجنٹ [illegible] کے نیچے جو درخواست گذرتی ہے۔ اسمیں بھی ایسی ہی کارروائی ہوتی ہے [illegible]

انجن کے پیچھے ہیں۔ ایسی عدالت کے مقدمات میں بیشمار پیشیاں پڑتی ہیں اور [illegible] التوا رہتی ہیں۔ فریقین کا بہت سا بیجا صرف گواہوں کے لانے اور پیروی میں ہو جاتا ہے۔ ایسی عدالتوں کو اپنے احکام کی نقول کے دینے میں بھی تامل ہوتا ہے۔ اور جب نقل حکم طلب کیا جاتا ہے۔ تو ایسی عدالت کو تشویش ہوتی ہے۔ اگر یہ قانون بھی ہے کہ آخر [illegible] ظفریاب ہوتی ہے تو ضرور ایسی عدالتوں کی کرتوت گورنمنٹ پر کسی روز روشن ہوگی۔ اور ایسی عدالتیں جو ہر طرح رشوت ستان عدالت سے بدتر ہیں۔ ضرور اپنے کیفر کردار کو پہنچیں گی۔

جوڈیشل افسران

روزنامہ پیسہ اخبار مورخہ ۹ جنوری ۱۹۰۶ء میں ایک مضمون چھوٹے اضلاع کی بعض عدالتوں پر ایک سرسری نظر کے عنوان سے شایع ہوا ہے جس میں راقم مضمون نے اُن الزامات و نقائص کی طرف توجہ دلائی ہے۔ جو اُن کے خیال کے بموجب دیسی عدالتوں میں پائے جاتے ہیں اور اُنکی دیانتداری، انصاف پسندی، قابلیت و لیاقت وغیرہ کی نسبت شبہ ظاہر کیا گیا ہے۔ [illegible] غور کرنا ضروری ہے کہ دیسی عدالتوں میں ایسے قسم کے الزامات کا واقعی کوئی پایا جاتا ہے یا یہ محض [illegible] خیال تصویر کھینچی گئی ہے [illegible]

(۲) معلوم ہوتا ہے کہ راقم مضمون نے اپنے ہی محدود تجربہ پر اکتفا کر کے دیسی عدالتوں کی نسبت یہ رائے قایم کر لی۔ ذرا بھی وہ دیگر اشخاص کے تجربہ و مشاہدہ سے کام لیتے جنکی معلومات نہایت وسیع ہے۔ تو امید واثق ہے کہ انہیں اپنی رائے تبدیل کرنی پڑتی۔ اگر وہ پبلک سروس کمیشن کی رپورٹ ملاحظہ کرنے کی تکلیف گوارا فرماتے تو انہیں اپنی غلطی کا پتہ لگ جاتا اور وہ فوراً معلوم کر لیتے کہ قانونی قابلیت۔ زود فہمی۔ جزو رسی۔ عرق ریزی وغیرہ امور میں ہمارے دیسی بھائی جوڈیشل قابلیت کے یوروپین افسران کے ہم پلہ ہیں۔ بلکہ … واقفیت رسم و رواج ملکی میں بغیرہ ممالک کے … برتر ترجیح رکھتے ہیں۔ … کو آرسی کیا ہے۔ دیسی ججان ہائیکورٹ کو نظر انداز کر کے بعد بھی … لیاقت قابلیت انکے فیصلجات سے ظاہر ہوتی ہے۔ خاص صوبہ پنجاب میں بہتیرے دیسی جج و منصف وغیرہ ایسے نظر آتے ہیں جنکو حکام و رعایا دونوں عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور سالانہ رپورٹوں میں ان کے کاموں کی داد دی جاتی ہے۔ اگر ان دیسی عدالتوں میں … نقائص پائے جاتے ہیں جو مضمون زیر بحث میں درج ہیں … تو … کل جوڈیشل عہدوں پر یوروپین یا یوریشین … آتے اور … کمیشن بھی دیسی عہدہ داران کی توسیع ملازمت یا ترقی منصب کی سفارش نہ کرتی۔

ایسے بیہودہ خیالات کا اگر کسی انگلو انڈین اخبار میں اظہار ہوتا تو اسکا مطلب سمجھ میں آ سکتا تھا۔ مگر یہ اخبار جیسے معزز ہر دلعزیز پرچہ میں اسکا اشاعت پانا حیرت انگیز ہے۔ دیسی افسران کی لیاقت مسلمہ ہے اور جب ضرورت پڑتی ہے تو گورنمنٹ ان افسران کو ذمہ داری کے عہدوں پر دیسی ریاستوں میں بھی تعینات کر دیتے ہیں۔

(۳) افسوس ہے کہ راقم مضمون نے سنجیدگی۔ متانت و امتیازی سے کام نہیں لیا۔ اور علانیہ طور پر دیسی افسروں کو بے ایمان انسانیت سے گرے ہوئے طرفدار۔ سفارش پر عمل کرنے والے۔ خوشامد پسند وغیرہ خطابات دے دیئے جس سے اندیشہ ہوتا ہے کہ انہوں نے شائستگی کے مدرسہ میں تعلیم نہیں پائی یا کم از کم اس تعلیم سے فائدہ نہیں اٹھایا۔

(۴) اب ہم فرداً فرداً ان الزامات کی طرف رجوع ہوتے ہیں جو دیسی عدالتوں پر لگائے گئے ہیں۔

(الف) تقرر کمیشن پر اعتراض۔ ضلع گوجرانوالہ … وغیرہ میں زیادہ تر مقدمات۔ مہاجنان و زمینداران کی داد و ستد کی نسبت دائر ہوتے ہیں۔ عموماً ایک ہی کا حساب ہوتا ہے۔ بیشتر مقدمات از قسم خفیہ ہوتے ہیں … زبانی لین دین کی بنا پر ہوتے ہیں زیادتی خرچ کے متحمل نہ ہو کر فریقین دو تین گواہوں سے زیادہ پیش نہیں کر سکتے۔ ایسی حالت میں بجز اسکے کہ کسی مختبر شخص

کو … اور … چارہ عدالت کو نہیں رہتا۔ اگر اس شہادت کو مشتبہ سمجھ کر مقدمہ یا اپیل خارج کر دیا جائے تو انصاف کا خون ہوتا ہے۔ کوئی دیانتدار جج کبھی ایسے سرسری طور پر مقدمہ خارج کرنے کی جرأت نہ کریگا۔ ہمارے خیال میں جج کا صرف یہی فرض نہیں ہے کہ جس طرح بنے فوراً مقدمہ کا فیصلہ کر دے اور اختتام ماہ پر تعداد مقدمات کے نقشے میں خاطر خواہ ظاہر کر دے اور مقدمہ کی تہ کو پہنچنے کی کوشش نہ کرے۔ ہندوستان جیسے ملک میں جہاں فیصدی … آدمی بھی خواندہ اور اپنے حقوق سے واقف نہیں۔ صرف زبانی شہادت پر فیصلہ کر دینا خالی از خطرہ نہیں۔ کمیشن اکثر مقامی آدمی ہوتا ہے۔ فریقین کو شہادت پیش کرنے میں سہولیت ہوتی ہے۔ خرچ سے بچتے ہیں۔ مقامی لوگوں سے حقیقت معاملہ کی پوشیدہ نہیں رہ سکتی۔ اسلئے اسکی تحقیقات سے عدالت کو بہت مدد ملتی ہے راقم مضمون نے خود تقرر کمیشن کی متعدد موقعوں پر استدعا کی ہے۔ پھر معلوم وہ کس وجہ سے ایسا اعتراض دیسی عدالتوں پر کرتے ہیں۔

(۵) معلوم ہوتا ہے کہ نامہ نگار کسی عدالت کے تنگ آئے ہوئے ہیں یا کسی دیسی جوڈیشل افسر سے انکو مخالفت ہے مگر اس حالت میں بہتر و پسندیدہ طریقہ یہ ہوتا کہ خصوصیت کے ساتھ ایسے افسر کا نام ظاہر کیا جاتا

چارہ جوئی کیجاتی ہے۔ حسب ہندوستان ... پر ایسے الزامات لگانے جنکے انصاف پسند طبائع کے نزدیک وہ کبھی مرتکب نہیں ہوتے سخت بے انصافی ہے ہمیں امید تھی کہ ایسے مبارک زمانہ میں جبکہ دیسی اشیاء استعمال و ترقی کا روز افزوں خیال لوگوں کے دلوں میں جاگزین ہوتا جاتا ہے۔ دیسی جوڈیشل افسروں کی اس طرح توہین کیجائے اور انکو حقارت کی نظر سے دیکھا جائے اور ایسے فاسد خیالات انکی نسبت ظاہر کرکے پبلک کو گمراہی میں ڈالکر اعلےٰ حکام سے بدظن کیا جائے۔

(ب) وکلاء گواہان کے ساتھ بدسلوکی۔ اس تہذیب کے زمانہ میں جہاں عدالتوں کی کارروائی پر اس زور شور کے ساتھ نکتہ چینی کیجاتی ہے۔ کب ممکن ہے کہ عام طور پر عدالت کیجانب سے بدسلوکی عمل میں آئے اور کوئی نوٹس نہ لے وکلاء کا فرقہ آزاد و معزز ہے۔ معدودے چند کے سوا جنھوں نے روپیہ کمانے کی دھن میں جائز و ناجائز طریقوں میں کوئی تمیز نہ رکھی ہو۔ کوئی متنفس اس گروہ میں ایسا نظر نہیں آتا جو بدسلوکی پر خاموش ہو رہے بھلا دیسی عدالتوں کی تو کیا مجال ہے جو بدسلوکی کو روا رکھیں جبکہ ایسی قبیح حرکات یورپین عدالتوں سے وقوع میں آنے پر بھی کوئی برداشت نہیں کرتا اور وکلا کو فتنا اخباروں میں انکی زیادتیوں کا تذکرہ ہوتا رہتا ہے۔ بنچ و بار کا تعلق چولی دامن کا ہے۔ جیسے دونوں کو پسندیدہ طریق پر بنا رہنا چاہیئے۔ اور وکلا جیسے آزاد فرقہ کو بے خوف و بے لاگ ہونا چاہیئے۔ اگر کسی عدالت میں ایسی خرابیاں فی الواقع وجود ہوں تو مقام افسوس ہے کہ راقم مضمون نے اس سے پیشتر حکام کی توجہ اس طرف مبذول نہیں کرائی اور قومی ہمدردی نے انکو ایسی عدالت کا کچا چٹھا حکام چیف کورٹ کے روبرو پیش کرنے کی جرأت نہ دلائی۔

یادگار تشریف آوری ولیعہد بیگم صاحبہ

اجنوری ۱۹۰۶ء کے پیسہ اخبار میں ایک پردہ نشین معظم کو ٹیڈا کا مضمون چھپا ہے۔ انہوں نے تجویز قیام یادگار سے اتفاق کیا ہے جسکا میں شکریہ ادا کرتی ہوں۔ مگر انکو خیال ہے کہ زنانہ سکول علیگڈھ کی مسلمان لڑکیوں کو وظائف دیئے جانے سے پردہ نشین مستورات کو کچھ فائدہ نہیں پہنچیگا۔ اسکے متعلق میں یہ عرض کرتی ہوں کہ زنانہ سکول علیگڈھ میں ان غریب پردہ نشین مسلمان لڑکیوں کو پردہ کے ساتھ تعلیم ملیگی جو بڑھکر استانیوں کا کام کریں۔ یعنے یہ مدرسہ صرف استانیوں کا ہوگا جو بڑھکر مختلف مقامات پر پردہ نشین لڑکیوں کو انکے گھروں پر تعلیم دینگی۔ تعلیم نسوان میں بڑی دقت یہ ہے کہ لائق استانیاں نہیں ملتی ہیں چنانچہ اس سکول سے یہ دقت رفع ہو جائیگی۔ غریب عورتوں کے لیے ایک وجہ معاش پیدا ہو جائیگی۔ اور ماں باپ خوشی سے اپنی لڑکیوں کو مسلمان استانیوں سے تعلیم دلوائینگے استانیاں جتنی زیادہ میسر آئینگی۔ اسی قدر تعلیم نسواں کو ترقی ہوگی امید ہے کہ اب میری معزز بہن کی سمجھ میں آگیا ہوگا۔ کہ اس تجویز سے کس طرح پردہ نشین عورتوں کو فائدہ پہونچیگا اور اب وہ تجویز قیام یادگار میں جو ہم خرما و ہم ثواب کے مصداق ہے بہت مدد دینگی بہتر ہو کہ میری لائق بہن مجھ سے خط و کتابت کریں اور اس کام میں میرا ہاتھ بٹاویں اور اپنے علاوہ اور مستورات کو بھی اس کام کی امداد پر آمادہ کریں۔

میری تعلیم یافتہ بہنوں کو چاہیئے کہ کوئی تجویز عورتوں کی بھلائی کی بغیر انکی امداد پوری نہیں ہو سکتی۔ اور جبکہ اس تجویز سے کسی کو مخالفت نہیں ہے۔ تو انکو عملی کارروائی شروع کر دینی چاہیئے اور اپنی عقیدتمندی اور احسانمندی کا عملی ثبوت دینا چاہیئے۔ اگر تعلیم یافتہ مستورات بھی معاونت نہ کریں تو غیر تعلیم یافتہ بہنوں سے کیا امید ہو سکتی ہے۔ یہ تعلیم یافتہ کا فرض ہے کہ انہیں اس تجویز کے فوائد جتا دیں اور ان سے اس کام میں مدد لیں۔

(راقمہ مسز نیاز احمد از میرٹھ خیر نگر دروازہ)

احمد پاشی کی سرائے واقع دہلی

مجھے چند بار دہلی جانے اور احمد پاشی کی مشہور سرائے میں ٹھہرنے کا اتفاق ہوا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ ریلوے سٹیشن کے قریب ہونے سے اس میں مسافر زیادہ ٹھہرا کرتے ہیں اور ہر درجہ و طبقہ کے لوگوں کو یہاں آرام بھی بخوبی ملسکتا ہے جو نامور اور مغفور بانی کا اصلی منشا تھا مگر افسوس ہے کہ کچھ عرصہ سے ٹھیکہ دار صاحب کی بے توجہی اور کفایت شعاری کے باعث مسافروں کو بجائے آرام کے بعض شکایتیں پیدا ہو چلی ہیں حالانکہ کو اگر ٹھیکہ دار صاحب تھوڑی سی توجہ فرما کر ان خرابیوں کو رفع کر دیں تو نہ صرف انکی مسافر نوازی موجب ثواب اخروی ہو بلکہ نفع بھی زیادہ پہنچے۔ کیونکہ مسافر کثرت سے ٹھیرا کریں اب کرایہ کی سختی روز بروز بڑھتے جانے کی شکایت اکثر مسافروں سے سنی گئی اور غالباً اسی وجہ سے اوپر کے اکثر کمرے خالی پڑے دیکھے گئے۔ اے کاش کرایہ کی ایک مناسب حد مقررہ کر کے ہر کمرہ کے دروازہ پر نوٹس میں درج کر دیں۔ تاکہ ہر شخص پہلے ہی واقف ہو جاوے اور بعد میں مسافروں اور ان کے نوکروں ملازموں سے تکرار کی نوبت نہ آئے۔ دوسرے ٹھیکہ دار صاحب نے مسافروں کے آرام دینے کے خیال سے جو نوکر بطور خدمتگار رکھ چھوڑے ہیں وہ بیچارے مسافروں سے سختی کے ساتھ پیش آتے ہیں۔ جس سے سرائے کی شہرت کو صدمہ پہنچنے کا اندیشہ ہے ٹھیکہ دار صاحب ان لوگوں کے برتاؤ کی نگرانی رکھیں یا ملازمان کو بدل دیں اور اچھے آدمی رکھیں۔

(راقم خاکسار سید ابو جعفر)

طاعون کے متعلق پنجسالہ تجربہ

پانچ سال کا عرصہ گذرا ہے کہ گورنر جنرل نے اُن تجاویز پر غور کیا جو امراض انسداد طاعون [illegible] کی گئی تھیں۔ اور نیز ان تجاویز کو عمل میں لانے کے متعلق اپنی پالیسی ظاہر فرمائی تھی۔ اگرچہ گورنمنٹ رعایا انسدادی تجاویز پر عمل میں لانے کے لئے کوشاں رہی ہے تاہم طاعون بتدریج تمام ہند میں پھیل گیا ہے۔ حضور نواب گورنر جنرل نے ہر ایک صوبے کی گورنمنٹ کے نام یہ حکم صادر فرمایا تھا کہ ہر ایک گورنمنٹ اپنے اُن افسروں کی رپورٹ خود ہمارے پاس بھیجدے جنکو مرض طاعون کے متعلق ذاتی تجربہ حاصل ہو۔ صاحب موصوف ایسی انسدادی تجاویز بیان کرتے ہیں جو بلحاظ موجودہ حالات مفید ثابت ہونگی

چوہے مرض طاعون کا سبب اعظم ہیں

۱۶ جولائی ۱۹۱۰ء کے ریزولیوشن کے شائع ہونے کے بعد ہندوستان [illegible] رائے ہیں کہ چوہے زیادہ تر اس مرض کو پھیلاتے اور قائم رکھتے ہیں۔ بنا بریں یہ بات لوگوں کے لئے نہایت ہی ضروری ہے کہ اپنی سلامتی کے لئے ان طاعون زدہ چوہوں کو بالکل تلف کر ڈالیں۔

صحت بخش مکانات

نیز یہ بات تجربے سے ثابت ہوئی ہے کہ طاعون اُس مقام پر نہایت شدت سے نازل ہوتا ہے جہاں لوگوں کے مکانات تنگ بدنما اور اُن میں ہوا کا گذر نہیں ہوتا اور اُن جگہوں میں طاعون بہت کم اثر دکھاتا ہے جہاں کوچے فراخ۔ مکانات ہوادار اور راستوں کا فرش عمدہ ہوتا ہے اور بدروؤں کا معقول انتظام ہے۔ تمام گودام کو جہاں غلہ رکھا ہوا ہو ایسا محفوظ رکھنا چاہیے۔ کہ چوہوں کا وہاں گذر نہ ہو سکے اور وقتاً فوقتاً اُن کا ملاحظہ کرنا چاہیے۔

صفائی اور خلو مکان

انسدادی تجاویز میں مکانات اور کپڑوں کی صفائی نہایت مفید ہے۔ لیکن کامل طور سے صفائی کرنے میں بڑی دقت حائل ہوتی ہے اسلئے گو پورا فائدہ حاصل نہیں ہوتا۔ گورنمنٹ ہند نے ہر ایک لوکل گورنمنٹ کو یہ

اختیار مرمت کر دیا ... مکانات کی حالت کے مطابق جہانتک صفائی عمل میں آسکے۔ اسی پر اکتفا کیا جائے۔ بیاحات از سلیمنٹ۔ لیکن اور ازل بڑے مفید ہیں ہر ایک جگہ پر ان کو خوب چھڑکنا چاہئیے۔ اِس بات کی بڑی احتیاط ہونی چاہئیے کہ چوہوں کے ذریعے سے مکان میں طاعون سرایت نہ کر جائے۔ اِن تجاویز کا عملدر آمد اُن مقامات میں ہو سکتا ہے جہاں طاعون نے ابھی اپنے قدم پورے طور پر نہیں جمائے۔

مختلف تدابیر جو مرض طاعون کے انسداد کے لئے عمل میں آئی ہیں۔ اُنمیں سب سے زیادہ مفید اور موثر یہ ہے کہ طاعون زدہ مکان کو ایک خاص وقت تک خالی کیا جائے۔ دیہات کی حالت میں اس مرض کو معدوم کرنے کا زبردست ذریعہ صرف یہی ہے کہ تمام مکان کو بالکل خالی کر کے باہر چلا جانا چاہئیے اور چوہوں کو بالکل تلف کر دیا جائے۔ مگر یہ ضروری ہے کہ تمام مکانات کو خالی کر دینا چاہئیے۔ اگر کچھ لوگ پیچھے رہ جائینگے تو مرض پھر عود کر آئے گا۔

دیگر تجاویز

اِس شہادت کے رو سے جو دستیاب ہوئی ہے۔ ثابت ہوتا ہے کہ مرض طاعون کے انسداد کے لئے ریل سڑک اور جہازوں میں مسافروں کا ملاحظہ کرنا بھی مفید ہے۔ اُن مسافروں کے صرف ملاحظہ کرنے سے کچھ فائدہ حاصل نہیں ہوتا۔ جو جہاز سے اُتریں۔ مگر ہاں اُسوقت فائدہ ہوتا ہے۔ جبکہ جہاز کے تمام چوہوں کو یا تو ہلاک کر دیا جائے یا اُن کو زمین پر اُترنے سے روک دیا جائے۔

بیماروں کی سکونت کے لئے ایک علیحدہ خیمہ گاہ ہر ایک معائنہ شدہ جگہ کے واسطے ایک ضروری چیز ہے لیکن کسی ایسے شخص کو یہاں ٹھہرانا ضروری نہیں جو مرض طاعون میں گرفتار ہو۔ مگر دوسری صورت میں مسافروں کا نام و پتہ تحریر کرنا اور پانچ دن تک زیر نگرانی رکھنا کافی ہے۔ تجربات سے ثابت ہوا ہے کہ ریل گاڑی میں کسی ایسے شخص کے مس کرنے سے جو طاعون میں مبتلا ہو۔ سرایت کا بڑا احتمال نہیں ہوتا۔ قیدخانوں کے حالات سے یہ نتیجہ مترتب ہو چکا ہے کہ انسان میں طاعون کے انسداد کے لئے قرنطینہ ہی کافی ہے لیکن اس کا کامل طور سے عملدر آمد اُن لوگوں کی مجموعی طاقت سے ہو سکتا ہے جو بالاتفاق طاعون زدہ مقامات کے باشندوں کو اپنے گاؤں میں داخل ہونے کی ممانعت کریں اور بستی سے باہر اُنکی رہائش کا انتظام کریں اِن تجاویز کا تجربی عملدر آمد ہو سکتا ہے لیکن شہروں میں یہ تجاویز زیر عمل نہیں آسکتیں

اگرچہ بیماروں کو ہسپتال میں لیجانے سے اُنکو فائدہ پہونچتا ہے۔ لیکن لوگ اِسکو پسند نہیں کرتے۔ اور اگر بیماروں کے گرد نواح کی جگہ پاک و صاف ہو اور چوہوں سے بالکل مبرا ہو تو طاعون کی دار و اتوں میں اس تدبیر پر عمل کرنے کی کچھ ضرورت نہیں ہے۔ اِس میں کوئی شک نہیں کہ انسداد طاعون کے لئے یہ تدبیر بڑی کارگر ہے۔ اگرچہ کسی جگہ طاعون کے زور پکڑ جانے سے اِس تدبیر سے چنداں فائدہ نہیں ہوتا۔ لیکن جب کسی مبتلائے طاعون مقام کے چند اشخاص اگر داخل ہو جائیں تو اُنکو فوراً بستی سے علیحدہ رکھنا چاہئیے اُن اشخاص کو بھی جو بوباتک طاعون میں مبتلا ہوں فوراً علیحدہ کر دینا چاہئیے کیونکہ اُنکی بیماری متعدی ہوتی ایسے لوگوں کو علیحدہ رکھنا ممکنات سے بعید ہے جو بوباتک طاعون کی چھوت سے بیمار ہو گئے ہوں اس تدبیر میں ہمیشہ اُسی وقت فائدہ حاصل ہوتا ہے جب لوگ اپنی رضامندی سے اسپر عمل کریں۔ مگر جب جبر و تشدد سے کام لیا جائے تو فائدہ کی نسبت اُلٹا نقصان ہوتا ہے

حضور گورنر جنرل یہ خیال فرماتے ہیں کہ اِن تمام انسدادی تدابیر میں اُسی وقت کامیابی نصیب ہو سکتی ہے جب عام لوگ بالاتفاق گورنمنٹ کا اِس انتظام میں ہاتھ بٹائیں۔ یورپ میں طاعون اِسی طرح سے مفقود ہوا تھا +

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— تعلقداران اودھ کے ایڈریس کے جواب میں لارڈ منٹو نے اس امر پر اظہار مسرت کیا کہ انکے جد امجد کو ہندوستانی اب تک ادب کے ساتھ یاد کرتے ہیں۔

— بمبئی میں حال کے امتحان میٹریکولیشن میں ۵ پارسی ۱۰ ہندو اور ۴ مسلمان لیڈیاں شریک تھیں۔

— رنگون میں گذشتہ چند روز کے اندر چیچک کی بہت سی وارداتیں ہوئیں۔ جنکی روزانہ اوسط ۱۲ تھی دوشنبہ گذشتہ کو ۳۰ سے اوپر وارداتیں ہوئیں۔

— مسٹر کرنل پیرس رزیڈنٹ اور میجر ڈی لاٹنیر آجکل کشمیر کی برقی ریلوے کے متعلق کلکتہ میں مقیم ہیں۔

— بیان کیا جاتا ہے کہ متعدد سربرآوردہ بنگالیوں کا ایک ڈیپوٹیشن آئندہ ہفتہ کے اندر تقسیم بنگال کے خلاف کوشش کرنے کے لیئے ولایت جانے والا ہے۔

— لارڈ و لیڈی منٹو بارک پور سے کلکتہ کو واپس تشریف لائے۔

— لیڈی منٹو بے خانماں عورتوں کے سینٹ میریز ہوم کا معائنہ کرنے گئیں۔

— لٹریری انسٹیٹیوٹ الہ آباد کا سالانہ جلسہ ۱ جنوری کو ہوا۔

— رلیس نامی ایک یورپین کو شراب پی کر شارع عام پر گھومنے کے جرم میں جنٹ مجسٹریٹ الہ آباد کی عدالت سے ایک ہفتہ قید سخت کی سزا ہوئی۔

— جمنا کے پل (الہ آباد) اور نینی کے درمیان دوہری ریلوے لائن ہو گئی ہے۔

— پونا میں ایک شخص خرشلا نامی نے اپنی بیوی کو ماں کے گھر چلے جانے پر ناراض ہو کر قتل کر ڈالا۔ ساس پر بھی حملہ کیا جنکی حالت نازک ہے۔

— گورنمنٹ ہند نے قاعدہ مقرر کر دیا ہے کہ رعایتی رخصت پر ہندوستان سے باہر جانے والے افسروں کو بھی پیشگی تنخواہ مل سکتی ہے۔

— راجپوتانہ وسط ہند اور صوبجات متحدہ میں چارہ سخت کمیاب ہے مویشیوں کو تکلیف ہے۔ لوگ ایک مقام سے دوسرے مقام کو منتقل ہو رہے ہیں۔

— ۲۲ اور ۲۳ فروری کو آگرہ کالج کے پرانے طلباء کا جلسہ ہونا قرار پایا ہے۔

— بنارس میں چوروں کا ایک گروہ جو عرصہ سے رعایا کو ستا رہا تھا مع اسلحہ اور مال مسروقہ گرفتار ہوا۔

— ڈسٹرکٹ بورڈ کانپور نے صوبجات متحدہ کے [illegible] یہ روپیہ اس غرض سے دیا ہے کہ کانپور

کے گورنمنٹ ہائی سکول کے ایک عربی کے طالبعلم کو وظیفہ اور تمغہ اور ایک سنسکرت کے طالبعلم کو تمغہ دیا جایا کرے۔

— سید ابو جعفر صاحب تعلقدار پیرپور کی کوشش سے میڈیکل کالج لکھنؤ کے لیئے انکی ریاست کے زمینداروں وغیرہ نے ۲ ہزار روپیہ دیا۔

— ایڈیٹر و مالک انڈین انجینیرنگ نے مسٹر بریسی کرنل وا اسکی بیوی پر جھوٹا دعوی کرنے کے معاوضہ میں پچاس ہزار روپیہ ہرجانہ کی نالش کے لیئے اجازت کی درخواست ۲۵ جنوری کو رجسٹرار ہائیکورٹ کلکتہ کے حضور میں دی۔ اجازت منظور ہوئی۔

— کلکتہ کے مشہور انگریزی اخبار "سٹیٹسمین" نے ۲ جنوری کو لارڈ کرزن کا ایک نوٹ جو ضلع سہیل پور میں عدالت کی زبان کے متعلق تھا شایع کر دیا تھا چونکہ یہ نوٹ سراسر خفیہ تھا۔ اسپر ایڈیٹر اخبار مذکور سے جواب طلب ہوا۔ گورنمنٹ ہند نے ایڈیٹر کے جواب کو ناقابل اطمینان قرار دیکر تمام گورنمنٹوں کو حکم دیدیا ہے کہ آئندہ اخبار مذکور کو سرکاری گزٹ۔ سرکلر۔ اشتہار وغیرہ جو اخبارات کو بہم پہنچائے جاتے ہیں ہرگز نہ دیئے جاویں۔ اور یہ کہ اخبار مذکور کے قائم مقام یا نامہ نگار کو شملہ و کلکتہ کے پریس روم میں داخل نہ کیا جاوے۔ نیز کوئی سرکاری اشتہار اخبار مذکور میں چھپنے کے لیئے نہ بھیجا جاوے۔

— کونسل حضور وائسرائے میں ۲۶ جنوری کو قانون پاس ہوا کہ آئندہ ممالک غیر کی شراب پر چھ روپیہ فی گیلن کے بجائے سات روپیہ فی گیلن محصول لیا جاوے اس سے غرض یہ ہے کہ دیسی اور ولایتی شراب کا محصول قریباً یکساں ہو۔

— فرینک سمتھ نامی ایک چابک سوار گھوڑ دوڑ ڈبرو گڈھ میں مع گھوڑے کے گر پڑا۔ گھوڑے کی گردن وہیں ٹوٹ گئی۔ اور سمتھ دو گھنٹہ بعد مر گیا۔

— لارڈ بشپ کلکتہ گذشتہ جمعہ کو بہار وغیرہ کے شہروں میں دورہ کرنے کے لیئے روانہ ہو گئے۔ ۲۰ فروری کو کلکتہ میں واپس پہنچینگے۔

— حضور وائسرائے ۵ فروری کو مع لیڈی صاحبہ و اسٹاف کے بوقت ۱۱ بجے دن روانہ ہو کر بانکی پور۔ ایکما گیا۔ دربھنگہ۔ گورکھپور کا دورہ فرماوینگے۔ اور بعد ازاں ۱۷ فروری کو واپس کلکتہ میں تشریف فرما ہوں گے۔

— ریلوے بورڈ نے منظوری دیدی ہے کہ ڈھائی فیٹ چوڑی پٹری کی ریلوے تیار کرنے کے لیئے [illegible] سٹیشن راجپوتانہ مالوہ ریلوے سے بوڑیکی سٹیشن تک جو [illegible] ریلوے پر واقع ہے پیمائش کیجاوے۔ پیمائش کی نگرانی بمبئی گورنمنٹ کی ماتحت رہے گی۔

— کاسگنج اور بریلی کے درمیان ریلوے ٹرینوں کی آمد و رفت براستہ بدایون شروع ہو گئی ہے اور اب [illegible]

— صوبجات متحدہ کے بڑے بڑے شہروں میں عارضہ چیچک وغیرہ کی عام شکایت ہے اور زیادہ چھوٹے بچے ان امراض میں مبتلا ہو رہے ہیں۔

— شہر لکھنؤ کی آریہ سماج کا بارہواں سالانہ جلسہ [illegible] فروری کو منعقد ہوگا۔

— ریلوے بورڈ نے منظور فرمایا کہ کانپور سے بریلی تک چوڑی پٹری کی ریل تیار کرنے کے لیئے پیمائش کیجاوے۔

— ماگھ میلہ الہ آباد میں اماوس کے دن ہندو زائرین کا اس قدر ہجوم ہوا کہ ۱۰ آدمی دب کر ہلاک اور ۲۰ زخمی ہوئے۔ لیکن ایک اخبار ظاہر کرتا ہے کہ ۶۰۰ کے قریب مرے اور ایک سو زخمی ہوئے۔

— ۳۱ جنوری کو حضور وائسرائے نے بمقام کلکتہ نواب [illegible] کرنیل بہادر جنگ اور بمبئی کے مسٹر مالاباری کو شرف ملاقات بخشا۔

— ۱۰ مارچ کو الہ آباد میں اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹان پولیس کا ایک امتحان شروع ہوگا۔

شاہی سیاحت

— مدراس تشریف لیجانے سے قبل ہز رائل ہائینس کے یہ بات ذہن نشین تھی کہ بندرگاہ نہایت خراب ہے آب و ہوا سخت مرطوب ہے۔ باشندے غریب ہیں اور پیشہ وروں کی حالت بھی ناگفتہ بہ ہے۔ لیکن جہاز رینائون کے بندرگاہ میں پہنچنے پر ہز رائل ہائینس بہت متعجب ہوئے۔ کیونکہ جہاز کنارہ سے صرف چند گز کے فاصلہ پر جا کر ٹھہرا۔ حالانکہ بمبئی اور رنگون وغیرہ میں جہاز فاصلہ پر ٹھہرے تھے۔ یہاں کا موسم بھی نہایت خوشگوار تھا شائقوں کا ایسا مجمع تھا کہ دہلی اور [illegible] وغیرہ میں بھی نظر نہ آیا تھا۔ ویلکم کا لارڈ و لیڈی امپتھل نے خاص بندرگاہ پر استقبال کیا اسکے بعد میونسپل ایڈریس پیش ہوا۔ جسکے جواب میں ہز رائل ہائینس نے باشندگان مدراس اور گورنر بہادر کا شکریہ ادا کیا۔ ۲۴ جنوری کو رئیسان ریاست کوچین اور پدوکوٹا سے ملاقات کی۔ ہز ہائینس مہاراجہ ٹراونکور خسرہ میں مبتلا ہونے کی وجہ سے ملاقات نہ کر سکے۔ اسکے ولیعہد پرنس کو شرف باریابی بخشا گیا۔ شام کو ایسوسی ایشن زمینداران مدراس نے ایڈریس پیش کیا۔ بعد ازاں لارڈ اور لیڈی امپتھل کے ساتھ [illegible] کالج کا بھی ملاحظہ کیا۔ شب کو شہر میں خوب روشنی ہوئی۔

— ۲۶ جنوری کو مدراس میں حضور ولیعہد نے وکٹوریہ ٹکنیکل انسٹیٹیوٹ کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر شہزادی ویلز صاحبہ اور گورنر و لیڈی امپتھل صاحبہ بھی موجود تھے۔ مسٹر جارج آرنلڈ [illegible] نے ایڈریس پڑھا جس میں اس انسٹیٹیوٹ کے حالات ظاہر کئے گئے تھے۔ انسٹیٹیوٹ ۱۸۸۷ء میں بیادگار جوبلی حضور ملکہ [illegible]

... تقریب میں سرکار شہزادی صاحبہ شامل ہونے پر اظہار خوشنودی فرمایا - اور امید ظاہر کی کہ اس انسٹی ٹیوٹ سے باشندگان مدراس کو خوب فائدہ پہنچیگا - صاحب گورنر مدراس نے باشندگان مدراس کی طرف سے اس امر پر خوشی ظاہر کی - کہ ملکہ معظمہ کے پوتے انکے مہمان ہیں - اور انکی یادگاری عمارت کا سنگ بنیاد رکھتے ہیں - اور یہ بھی فرمایا کہ حضور ملکہ علیا آنجہانی نے ہی مجھے ہندوستان میں بحیثیت گورنر مدراس روانہ کیا تھا - ملکہ معظمہ کے یہ الفاظ تا حال میرے کانوں میں گونج رہے ہیں کہ "میرے ہندوستانی باشندگان کے ساتھ مہربانی اور ہمدردی رکھنا" -

—— ۲۹ جنوری کو حضور ولیعہد ریاست میسور میں تشریف فرما ہوئے - نوجوان مہاراجہ صاحب نے مع اپنے اہلکاروں کے حضور ممدوح کا استقبال فرمایا - گو ریلوے سٹیشن سے ریذیڈنسی بہت دور نہ تھی - تاہم ہزارہا مخلوق حضور ممدوح کی زیارت کے لیے کھڑی ہو رہی تھی - ریاست کے نیزہ بردار اور چند رسالہ سپاہ زرد اور سرخ رنگ کی چمکیلی وردیاں پہنے سڑک پر موجود تھی - اردلی میں نیلی اور سفید وردی والے نیزہ بردار خوبصورت سوار تھے - جب جلوس سڑک سے گذرا تو ہزار چھوٹے چھوٹے لڑکوں نے شہزادہ صاحب کی سلامتی کا راگ گایا - اس کے بعد مہاراجہ کی گدی نشینی کے محل میں حضور ولیعہد نے مہاراجہ صاحب سے ملاقات فرمائی - ۳۰ جنوری کی سواری موٹر کار شہزادہ صاحب سرنگا پٹم کی سیر کے لیے گئے اور شام کو شاہی دعوت میں شریک ہوئے - اور بروز بدھ شکار کے کیمپ میں تشریف لے گئے - آج جمعرات کو ہاتھیوں کی سواری نکلی - اور حضور ممدوح جمعہ و سنیچر بھی جگہ گذار کر روز اتوار بنگلور کی طرف مراجعت فرما ہونگے -

—— جب حضور ولیعہد نیپال میں شکار کھیلنے جاوینگے تو شہزادی ویلز صاحبہ آگرہ میں تشریف رکھیں گی -

پنجاب و سرحد

—— ریاست بلاس پور کی گرانی قحط کی صورت اختیار کرتی جاتی ہے - فصلیں خشک ہو رہی ہیں - نرخ غلہ کا زور بہت چڑھ گیا ہے -

—— ریاست پٹیالہ کے بعض حصص میں خشک سالی کی مصیبت ہے - خصوصاً ضلع مہندرگڑھ کی حالت ناگفتہ بہ ہو رہی ہے -

—— ہز آنر لفٹنٹ گورنر بہادر کے دورہ کی تاریخیں حسب ذیل ہیں - لاہور سے ۲۹ جنوری کو صبح روانہ ہونگے انبالہ ۳۰ جنوری سے ۴ فروری تک - سرہند ۵ فروری مورنڈا ۶ فروری - روپڑ ۷ فروری - ساجرا ۸ فروری - کیرتپور ۱۰ فروری - آنندپور ۱۲ - نونگل ۱۳ - اونا ۱۴ - چوہڑ ۱۶ - انب ۱۷ فروری - گرشت ۱۹ - ہوشیارپور ۲۰ - بنگہ دیہہ مغلاں ۲۳ - نواں شہر ۲۵ - پھگواڑہ ۲۷ - جالندھر ۲۸ فروری مگر دورہ ۱ مارچ - ... ۶ مارچ - پھلور ۷ مارچ مراجعت لاہور ۸ مارچ

—— پنجاب کے جنگلات کی آمدنی گذشتہ سال ۱۲ لاکھ سے ترقی کرکے ۱۹ لاکھ تک پہنچ گئی ہے - اور خرچ صرف بقدر ۱۰ ہزار کے بڑھا - جس میں ۹ لاکھ کا اضافہ ہوا -

—— پنجاب میں ممالک غیر کے درخت نصب کرنے کی تجربہ میں کامیابی ہو رہی ہے -

—— ہیچ مجرموں کی گرفتاری کے صلہ میں مجسٹریٹ انبالہ کی عدالت سے پولیس کو ۱۲۰ روپیہ بطور انعام ملے اور مجرموں کو ایک ۲ سال اور ۳ ماہ کی سزا ہوئی -

—— پشاور ۱۹ ماہ حال کو کیولری کی ملٹری قواعد سے واپس آرہی تھی - سپاہی کابل کو عبور کرتے ہوئے ایک انگریز افسر کا گھوڑا ایک عمیق گڑھے میں جا رہا - ایک سپاہی ان افسر کو بچانے کی کوشش میں غرق ہو گیا - لاش کا ہنوز پتہ نہیں -

—— پنجاب گورنمنٹ نے مشتہر فرمایا ہے کہ محکمہ آبکاری کے تمام عہدہ دار جو ملازم ہیں یا اس عہدہ سے پنشن لے چکے ہیں - ایکٹ اسلحہ کی تمام ممانعتوں اور احکام سے جنکو متعلق گورنمنٹ ہند کے محکمہ ہوم نمبر ۱۸ ۵ مورخہ ۲۰ مارچ ۱۸۹۰ء میں مع آجتک کی ترمیموں کے مفصل حکم درج ہے - مستثنے کیا جاتا ہے -

—— پنڈ دادنخاں میں ۲۰ جنوری سے لڑکیوں کا مدرسہ کھولا گیا - اس میں ۵۰ سے زیادہ لڑکیاں داخل ہو چکی ہیں -

—— مسٹر اینڈرسن کمشنر جالندھر ڈویژن نے لدھیانہ جیل کا معائنہ فرمایا - اور خوش ہوئے -

—— سر ایل ٹپر فنانشل کمشنر پنجاب دورہ کرتے ہوئے لدھیانہ میں گئے - دیوان ٹیک چند صاحب ڈپٹی کمشنر نے آپکو ایوننگ پارٹی دی - جس میں تمام عہدہ داران شامل تھے - حضور ممدوح نے مقامی حکام اور رؤسا سے ملاقاتیں فرمائیں اور فیروزپور کو روانہ ہو گئے -

—— صاحب وزیر ہند نے منظور فرمایا کہ مہتمم و نائب مہتمم آبادی نہر جہلم کی میعاد عہدہ میں نومبر ۱۹۰۸ء تک کی اور توسیع کیجاوے -

—— ڈاکٹر گرچہ ڈپٹی ڈائرکٹر صیغہ زراعت کا مقام صدر لائلپور قرار پایا ہے - البتہ موسم گرما میں صاحب ڈائرکٹر اپنا دفتر شملہ میں لے جا سکیں گے -

—— مندرجہ ذیل اصحاب کونسل واضعان قوانین پنجاب کے ممبر نامزد کیے گئے ہیں - ٹھاکر مہاں چند صاحب آنریری مجسٹریٹ امرتسر - سردار پرتاپ سنگھ اہلوالیہ اور ملک عمر حیات خاں صاحب ٹوانہ -

—— امیر صاحب کابل سے جلال آباد کو روانہ ہو گئے -

[ممالک غیر]

—— ایک جاپانی اخبار کے بقول جنگ چین جاپان کے بعد سے ڈچ انڈیز میں رہنے والے جاپانیوں کو خود ڈچوں کے مساوی حقوق دیے گئے ہیں - اسلئے وہاں چینی کسی طرح اپنے آپکو جاپانی رعایا کہتے ہیں -

—— مراکو میں پولیس مقرر ہونے کے متعلق فرانس اور جرمنی میں اختلاف کا احتمال ہے -

—— اسپاڈوڈو نامی ایک مجلس جسنے پانچ سال پہلے حضور ملک معظم پر فیر کیا تھا رہا ہو گیا -

—— چین کی بحری محاصل میں بہ نسبت سنہ ۱۹۰۵ء کے ۵ لاکھ پونڈ کی بیشی ہوئی -

—— جرمنی میں انگلستان کے ساتھ عمدہ تعلقات قائم کرنے کے لیے جلسے ہو رہے ہیں -

—— مراکو کے متعلق جرمنی اور فرانس کے تعلقات بہتر ہوتے جاتے ہیں - برطانیہ اور فرانس کے اتحاد کے توڑنے کی کوشش میں ناکامی ہوئی -

—— ۱۷ جنوری کو بلجیم میں بادل ہوئے اور ۱۸ کی شام کو طوفان رعد و باران آیا - درخت دھل کر صاف ہو گئے سڑکیں بھی پر فضا نظر آتی ہیں -

—— پورٹ شیر یا ڈمینکا میں کیلے کے اشیا کا ایک کارخانہ جاری ہونے والا ہے -

—— عالیجناب حضور ڈیوک آف کنیاٹ صاحب جب کیپ ٹاؤن میں جہاز سے اُترے - اس موقعہ پر سر ہیلی ہچنسن گورنر کیپ ٹاؤن و ممبران کابینٹ و کمانڈر انچیف اور دوسرے فوجی و سول حکام خیر مقدم کے لیے موجود تھے - جب سواری سٹی ہال کو روانہ ہوئی تو باشندگان کا سڑکوں پر بڑا ہجوم دو رویہ موجود تھا - اور ہر جگہ سے خوش آمدید کے چیرز بلند کیے جاتے تھے -

—— نٹال برٹش ایسٹ افریقہ کے یورپین باشندگان نے ولایت میں درخواست بھیجی ہے کہ یہاں ضابطہ فوجداری ہند کا عملدرآمد کیا جاتا ہے جو بالکل نادرست ہے - اس ضابطہ کے مطابق نوجوان اور ناتجربہ کار مجسٹریٹان کو وسیع اختیارات حاصل ہیں - جس سے بعض اوقات انصاف میں نقص پیدا ہو جاتا ہے - واجب ہے کہ یہاں انگلستان کے ضابطہ فوجداری کا اجرا کیا جاوے -

—— معلوم ہوتا ہے کہ کیبنٹ کی خاص کار روائی اصلاح تعلیم مسئلہ بیکاران تجارت اور ممالک غیر کی ان کشتیوں کے متعلق ہوگی - جو برطانیہ کے بندرگاہوں میں لنگر انداز ہوا کرتی ہیں -

